ABC CERTIFIED

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ

چیف ایڈیٹر طاہر ملک

روزنامہ اطلاعات کراچی

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 27 | 26 شوال 1447 بدھ 15 اپریل 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 39

امریکہ ایران مذاکرات میں نئے ثالث کی ضرورت نہیں، قطر

پاکستان کا کردار قابل تعریف ہے

ایران کے ساتھ کوئی رابطے نہیں ہو رہے ہیں، فی الحال ہماری تمام توجہ اپنے ملک کی سلامتی اور دفاع پر ہے، آئندہ ہر ہر پر ایک فریق کا کنٹرول اور اجارہ داری ناقابل قبول

2 ہفتے کی جنگ بندی کے اعلان کے بعد سے ایران نے قطر پر حملے نہیں کئے، امن کو قائم رکھنے کیلئے مسئلے کا حل ناگزیر ہو گیا ہے، ترجمان قطری وزارت خارجہ ماجد الانصاری

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 21

وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی سربراہ سعودی فنڈ سے ملاقات

سعودی فنڈ کی مسلسل معاونت پر اظہار تشکر، ترقیاتی شراکت داری کو مزید وسعت دینے کا عزم

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 22

حیسکو اور ایکسنرک میں پیک آورز لوڈشیڈنگ نہیں ہوگی، پاور ڈویژن

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 23



فیلڈ مارشل سید عاصم منیر لاجواب آدمی ہیں

ایران سے دوبارہ مذاکرات پاکستان میں ہونگے، ٹرمپ

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کوششیں خطے میں کشیدگی کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں گزشتہ برس جب پاکستان اور بھارت جنگ کی پٹیٹ میں تھے تو فیلڈ مارشل عاصم منیر سے رابطہ قائم ہوا

پاکستان کا کردار اہم رہا ہے، اس لئے مذاکرات کا اگلا دور بھی پاکستان میں ہونے کا امکان ہے کیونکہ فیلڈ مارشل عاصم منیر بہترین کام کر رہے ہیں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 24



اگر دنیا میں سیز فائر کروا سکتے ہیں تو اپنوں سے بھی ہونا چاہئے

بیرسٹر گوہر

میرے پاس پارٹی چیئرمین شپ بانی کی امانت ہے، جب کہیں گے چھوڑ دوں گا، میرے خلاف اڈیالہ میں پھیلائی گئیں موقف سے نہیں ہٹوں گا

امید ہے ایک دو ماہ کے دوران حکومت سے مذاکرات کا سلسلہ شروع ہو جائے گا، اگر کوئی بانی کے معائنے کی اجازت دینا چاہے تو میں PTI

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 26



پاکستان کی کوششوں سے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی ممکن ہوئی، نیول چیف

پاکستان کی عسکری اور سیاسی قیادت کی مشترکہ کاوشوں سے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی ممکن ہوئی جو خطے میں استحکام کیلئے اہم پیشرفت ہے، ایڈمرل نوید اشرف

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 28





پیک آورز میں 2 سے 3 گھنٹے بجلی بند کرنے کا فیصلہ

حکومت نے بجلی کی قیمت میں اضافہ سے بچنے کیلئے پیک آورز میں دو سے اڑھائی گھنٹے بجلی بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ترجمان

فرنس آئل کے استعمال کو محدود کرنے کے باوجود ہمیں تقریباً 1.5 روپے فی یونٹ کے اضافے کیلئے تیار رہنا ہوگا، پاور ڈویژن

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 33



تین چار سالوں میں 100 اطلسک سے باہر گئے

تاجر اپنا پیسہ ملک میں واپس لائیں، محسن نقوی

کراچی میں ایک دو بندوں کو اٹھانے کی ویرہ سارا کچھ تباہ نہیں ہو جاتا، ہم گھبراتے ہیں تو وہ معافی کا حقدار نہیں

پاکستان جو مواقع دے رہا ہے وہ دنیا میں کہیں نہیں ملے گا، آپ کا کاروباری ماحول ہے کہ ایف آئی اے سے معاملات کو ریس فرینڈلی کریں گے

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 29



بحری ناکہ بندی غیر قانونی، اشتعال انگیز غلطی ہے، ایرانی سفیر

معاشی دہشت گردی، روزگار، عالمی امن، سماجی اور استحکام کو خطرے میں ڈالتی ہے، رضا امیر مقدم

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 32

ناظم آباد ایک نمبر میں آئل ٹینکر کی موٹر سائیکل کو ٹکر، موٹر سائیکل سوار 2 لڑکیاں جاں بحق، ایک لڑکا زخمی

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 30

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس، بڑے روڈ منصوبوں کی منظوری

سماوی ترقی اور خوشحالی کے لیے ہر شہر اور ہر گاؤں تک سڑکوں کی تعمیر ناگزیر ہے، مریم نواز

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 31

جوئے کے اڈے سے برآمد رقم میں خورد برد، ڈی آئی جی سماٹھ کا ایکشن

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 40

ہمارے مطالبے پر سانحہ گل پلازا کی انکوائری کرائی گئی، فاروق ستار

آگ بجھانے میں کیوں تاخیر ہوئی اس کی تحقیقات ہونی چاہئیں، ایم کیو ایم رہنما کی پریس کانفرنس

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 30



گندم کی غیر قانونی نقل و حمل اور ذخیرہ اندوزی پر بھی نظر رکھی جائے، وزیر اعلیٰ سندھ

اس سال گندم کی خریداری کا ہدف 19 لاکھ 73 ہزار اور 900 میٹرک ٹن مقرر کیا گیا، اب تک صوبے بھر میں 1,061.600 میٹرک ٹن گندم خریدی جا چکی ہے

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 37

پنجاب کے مختلف شہروں سے خودکش بمبار سمیت 16 دہشتگرد گرفتار

گرفتار دہشت گرد پولیس یونیفارم کی مصنوعہ بندی مکمل کر چکے تھے، سی ٹی ڈی

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 34

شہریوں نے موٹر سائیکل چور کی درگت بنادی، ویڈیو وائرل

ملزم نے پکڑے جانے پر فرار ہونے کی کوشش کی جس میں وہ کامیاب نہ ہوسکا، پولیس

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 38

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ

چیف ایڈیٹر طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

فوری رابطہ:

0333-3424317

0300-7002722

0320-3055279

For Ads : 0331-2407401

روزنامہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں

dailyettelaat.com

Follow us on :

fb/Dailyettelaatkarachi

اطلاعات ETTELAAT DIGITAL



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

پاکستان کا ابھرتا عالمی کردار

بین الاقوامی سیاست کے وسیع اور پیچیدہ منظرنامے میں بعض لمحات ایسے بھی آتے ہیں جب تاریخ اپنے دھارے کو معمول سے ہٹ کر ایک نئے رخ پر ڈالتی محسوس ہوتی ہے۔ یہ وہ مواقع ہوتے ہیں جب طاقت کی روایتی تعریفیں، عسکری برتری کے تصورات اور اقتصادی غلبے کے پیمانے کسی قدر پس منظر میں چلے جاتے ہیں، اور ان کی جگہ فہم و فراست، تحمل، سفارتی مہارت اور توازن کی وہ باریک قوتیں نمایاں ہو جاتی ہیں جو بظاہر دکھائی نہیں دیتیں مگر اپنے اثر میں کہیں زیادہ گہری اور دیرپا ہوتی ہیں۔ حالیہ عالمی حالات میں پاکستان نے جس انداز سے خود کو منوایا ہے، وہ اسی خاموش مگر موثر قوت کا مظہر ہے، ایک ایسا کردار جس نے نہ صرف خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے میں مدد دی بلکہ دنیا کو یہ احساس بھی دلایا کہ امن کی کوششیں محض بیانات تک محدود نہیں بلکہ عملی شکل بھی اختیار کر سکتی ہیں۔ اسلام آباد میں امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والے طویل، پیچیدہ اور اعصاب شکن مذاکرات کا اختتام بظاہر کسی حتمی معاہدے کے بغیر ہوا، مگر اس منظر کو محض ایک سفارتی ناکامی کے طور پر دیکھنا سطحی اور جانبدارانہ تجزیہ ہوگا۔ حقیقت اس سے کہیں زیادہ گہری ہے۔ اکیس گھنٹوں سے زائد جاری رہنے والی یہ بات چیت دراصل ایک ایسے عمل کا حصہ ہے جو فوری نتائج کے بجائے تدریجی پیش رفت پر یقین رکھتا ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا یہ کہنا کہ وہ بغیر کسی ڈیل کے واپس جا رہے ہیں، ایک رسمی اعلان ضرور ہے، لیکن اس کے اندر وہ خاموش اشارہ بھی موجود ہے کہ دروازے بند نہیں ہوئے، راستے مسدود نہیں ہوئے اور بات چیت کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے جس انداز میں جزوی پیش رفت کا اعتراف کیا، وہ بھی سفارت کاری کی اسی باریک بینی کی عکاسی کرتا ہے جہاں مکمل اتفاق رائے نہ ہونے کے باوجود پیش رفت کو تسلیم کیا جاتا ہے تاکہ مستقبل کی راہیں ہموار رہیں۔ یہی وہ نقطہ ہے جہاں پاکستان کا کردار محض ایک میزبان سے بڑھ کر ایک فعال مصالحت کار کا بن جاتا ہے۔ اس نے نہ صرف فریقین کو ایک جگہ جمع کیا بلکہ ایسا ماحول بھی فراہم کیا جہاں سخت ترین موقف رکھنے والے ممالک بھی نسبتاً نرم لہجے میں گفتگو پر آمادہ ہوئے۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی جانب سے جنگ بندی برقرار رکھنے اور مذاکرات کے تسلسل پر زور دینا دراصل پاکستان کی اس پالیسی کی عکاسی ہے جس میں جذبات کے بجائے حکمت اور وقتی فائدے کے بجائے طویل المدتی استحکام کو ترجیح دی جاتی ہے۔ پاکستان نے اس پورے عمل میں جس غیر جانبداری کا مظاہرہ کیا، وہ اس کی سفارتی کامیابی کی بنیاد ہے۔ عالمی سیاست میں ثالثی کا کردار اسی وقت معتبر ہوتا ہے جب ثالث کسی ایک فریق کا حامی نہ بنے بلکہ دونوں کے لیے یکساں قابل قبول ہو۔ پاکستان نے اسی اصول کو نہایت مہارت سے اپنایا اور یہی وجہ ہے کہ اسے عالمی سطح پر پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔

اسلام آباد مذاکرات: قومی وقار اور ذمہ داری کا امتحان



تحریر: شیخ منظور
سیاسی رہنما

اسلام آباد میں ہونے والے حالیہ مذاکرات ایک نہایت اہم اور حساس موضوع کے طور پر سامنے آئے ہیں، جنہوں نے نہ صرف عالمی سطح پر پاکستان کی ساکھ کو مضبوط کیا بلکہ اندرون ملک بھی حکومت پاکستان کے مثبت کردار کو اجاگر کیا۔ ان مذاکرات میں پاکستان نے ایک ذمہ دار اور سنجیدہ ریاست کا ثبوت دیتے ہوئے امن، استحکام اور سفارتی توازن کو ترجیح دی۔ یہ بات قابل تحسین ہے کہ پاکستان نے ہر مرحلے پر تحمل، بردباری اور دانشمندی کا مظاہرہ کیا، جو کہ ایک مضبوط اور خود مختار ملک کی پہچان ہے۔

حکومت پاکستان اور ریاستی اداروں، بالخصوص پاک فوج، نے ان مذاکرات کے دوران جو کردار ادا کیا، وہ لائق ستائش ہے۔ انہوں نے نہ صرف قومی مفادات کا بھرپور تحفظ کیا بلکہ عالمی برادری کو یہ پیغام بھی دیا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے مگر اپنی خود مختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ یہی وجہ ہے کہ آج دنیا پاکستان کو ایک ذمہ دار اور باوقار ملک کے طور پر دیکھ رہی ہے، جو نہ صرف اپنے مسائل کو سمجھتا ہے بلکہ عالمی امن میں بھی اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔

تاہم، اس مثبت پیش رفت کے باوجود کچھ عناصر ایسے بھی ہیں جو پاکستان کی ترقی اور استحکام سے خوش نہیں ہیں۔ یہ گروہ سوشل میڈیا کے ذریعے پاکستان، اس کی فوج اور حکومت کے خلاف منفی پروپیگنڈا پھیلانے میں مصروف ہیں۔ ان کا مقصد عوام میں بداعتمادی پیدا کرنا اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانا ہے۔ ایسے عناصر درحقیقت دشمن کے ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں اور ان کی سرگرمیاں ملک کے مفاد کے خلاف ہیں۔ ہمیں سمجھنا ہوگا کہ سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی ہر خبر یا رائے حقیقت پر مبنی نہیں ہوتی۔ ہر محب وطن پاکستانی کا فرض ہے کہ وہ ایسے منفی اور گمراہ کن عناصر سے دور رہے اور صرف مستند اور ذمہ دار ذرائع سے معلومات حاصل کرے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم قومی اداروں پر اعتماد رکھیں اور ملک کی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ اتحاد، یکجہتی اور شعور ہی وہ ہتھیار ہیں جن کے ذریعے ہم دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا سکتے ہیں۔ آج کا تقاضا یہی ہے کہ ہم بحیثیت قوم ایک ہو کر پاکستان کے روشن مستقبل کے لیے کام کریں اور ہر اس آواز کو مسترد کریں جو ہمارے وطن کے خلاف ہو۔

نئی سفارتی پہچان: پاکستان کا ابھرتا ہوا کردار



تحریر: عبدالقیوم زئی
سینئر سیاسی رہنما

وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف اور ان کی جماعت مسلم لیگ (ن) نے حالیہ سفارتی سرگرمیوں میں جس سنجیدگی، حکمت عملی اور توازن کا مظاہرہ کیا ہے، وہ قابل تحسین ہے۔ حکومت کی قیادت میں پاکستان نے نہ صرف داخلی استحکام کی جانب پیش رفت کی بلکہ عالمی سطح پر بھی اپنا مثبت تشخص اجاگر کیا۔ ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کے حوالے سے پاکستان کا کردار اس بات کا ثبوت ہے کہ موجودہ قیادت بین الاقوامی معاملات کو سمجھنے اور ان میں موثر کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ یہ ایک ایسا لمحہ ہے جس نے ثابت کیا کہ پاکستان اب محض تماشائی نہیں بلکہ عالمی سفارتکاری میں ایک فعال کھلاڑی بن چکا ہے۔ چاہے ایران اور امریکہ کے درمیان کوئی باضابطہ معاہدہ ہوا ہو یا نہیں، ایک حقیقت واضح ہو چکی ہے کہ پاکستان کا عالمی مقام تبدیل ہو رہا ہے۔ اس تبدیلی کے مرکز میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت نمایاں نظر آتی ہے، جنہوں نے واضح اور دوٹوک موقف کے ذریعے عالمی طاقتوں کو پاکستان کی سنجیدگی کا یقین دلایا۔ ماضی میں پاکستان کو دہشت گردی، سیاسی عدم استحکام اور معاشی مشکلات کے تناظر میں دیکھا جاتا تھا، مگر آج وہی پاکستان عالمی تنازعات کے حل کے لیے ایک میزبان اور ثالث کے طور پر سامنے آ رہا ہے۔ یہ تبدیلی محض اتفاق نہیں بلکہ ایک سوچے سمجھے اور مربوط عمل کا نتیجہ ہے۔

اسلام آباد میں ایران اور امریکہ جیسے دو متحارب ممالک کو ایک میز پر بٹھانا ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے۔ اس پیش رفت کو نہ صرف واشنگٹن اور تہران میں سراہا گیا بلکہ بیجنگ اور ریاض نے بھی اس پر مثبت ردعمل دیا۔ عالمی میڈیا اور سفارتی حلقوں میں پاکستان کے اس کردار کو ایک ذمہ دار اور متوازن ریاست کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ یہ وہی پاکستان ہے جو کبھی عالمی بحرانوں کا شکار سمجھا جاتا تھا، مگر آج وہی ملک بحرانوں کے حل کے لیے راہیں ہموار کر رہا ہے۔ اس کامیابی میں حکومت، عسکری قیادت اور دیگر ریاستی اداروں کی مشترکہ کاوشیں شامل ہیں، جنہوں نے ایک مؤثر حکمت عملی کے تحت یہ ماحول پیدا کیا۔

تاہم اس عالمی کامیابی کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنے داخلی حالات پر بھی توجہ دینا ہوگی۔ جس طرح پاکستان نے عالمی سطح پر کشیدگی کم کرنے میں کردار ادا کیا، اسی طرح اندرونی سیاسی اختلافات کو بھی مکالمے کے ذریعے حل کرنا ضروری ہے۔ ہماری سیاست میں بڑھتی ہوئی محاذ آرائی قومی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی قوتیں ایک سیاسی سیز فائر کی طرف بڑھیں، جہاں اختلافات کو بات چیت سے حل کیا جائے اور قومی مفاد کو مقدم رکھا جائے۔ اگر ہم نے اپنی اندرونی صفوں کو مضبوط کر لیا تو پاکستان نہ صرف خطے بلکہ دنیا میں ایک مضبوط اور باوقار مقام حاصل کر سکتا ہے۔

اسلام آباد مذاکرات: تعطل نہیں، امن کی جانب ایک اہم قدم



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

اسلام آباد میں ہونے والے حالیہ ایران اور امریکہ مذاکرات کا بغیر کسی معاہدے کے اختتام بظاہر ایک سفارتی ناکامی محسوس ہو سکتا ہے، مگر حقیقت اس سے کہیں زیادہ گہری اور اہم ہے۔ یہ عمل دراصل عالمی سیاست کے ایک نئے موڑ کی نشاندہی کرتا ہے جہاں مکالمہ تصادم پر فوقیت حاصل کرتا دکھائی دے رہا ہے۔ پاکستان کے لیے یہ موقع نہ صرف اپنی سفارتی مہارت کو منوانے کا تھا بلکہ عالمی برادری کو یہ باور کرانے کا بھی کہ وہ ایک ذمہ دار، سنجیدہ اور امن پسند ریاست ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان دہائیوں پر محیط کشیدہ تعلقات، جن میں اپنی تاریخ، پابندیاں اور خطے میں اثر و رسوخ کی جنگ شامل رہی ہے، ایسے ماحول میں کسی بھی سطح پر مذاکرات کا آغاز بذات خود ایک بڑی پیش رفت ہے، اور اسلام آباد کا انتخاب پاکستان پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے۔

پاکستان نے ان مذاکرات میں صرف میزبان کا کردار ادا نہیں کیا بلکہ پس پردہ سفارت کاری، اعتماد سازی اور دونوں فریقین کو قریب لانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ یہ وہ پہلو ہے جو اکثر منظر عام پر نہیں آتا مگر بڑے سفارتی نتائج کی بنیاد یہی خاموش کوششیں بنتی ہیں۔ اگرچہ اس مرحلے پر کوئی حتمی معاہدہ طے نہ پا سکا، لیکن یہ کہنا درست ہوگا کہ پاکستان نے ایک ایسے عمل کی بنیاد رکھ دی ہے جو مستقبل میں کسی بڑی کامیابی کا پیش خیمہ بن سکتا ہے۔ سفارت کاری میں فوری نتائج کم ہی سامنے آتے ہیں، اصل کامیابی یہ ہوتی ہے کہ بات چیت کا سلسلہ جاری رہے، اور اسلام آباد میں یہی ہوا کہ دونوں ممالک نے مکالمے کا دروازہ کھلا رکھا۔

پاکستان کے نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو یہ پیش رفت اس کے مثبت عالمی کردار کو مزید مضبوط کرتی ہے۔ ایک ایسا ملک جو خود دہشت گردی، انتہاپسندی اور بیرونی دباؤ کا سامنا کر چکا ہو، اگر عالمی امن کے لیے کردار ادا کرے تو یہ اس کی پالیسی کی پختگی کا ثبوت ہے۔ اس کے برعکس بھارت کے کچھ سوشل میڈیا حلقوں میں ان مذاکرات کے بغیر نتیجہ ختم ہونے پر خوشی کا اظہار ایک غیر سنجیدہ رویے کی عکاسی کرتا ہے۔ کسی بھی ذمہ دار ریاست کے لیے یہ مناسب نہیں کہ وہ کشیدگی کے برقرار رہنے پر خوش ہو۔ ایسے رجحانات نہ صرف خطے کے امن کے لیے نقصان دہ ہیں بلکہ یہ بھی ظاہر کرتے ہیں کہ کچھ عناصر مسائل کے حل کے بجائے ان کے تسلسل میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ مشرق وسطیٰ کی کشیدگی کا اثر براہ راست جنوبی ایشیا پر پڑتا ہے، چاہے وہ توانائی کی قیمتوں میں اضافہ ہو یا تجارتی اور سکیورٹی مسائل۔ ایسے میں پاکستان کا امن کے لیے فعال کردار نہ صرف خطے بلکہ عالمی سطح پر بھی اہمیت رکھتا ہے۔ اسلام آباد مذاکرات کا یہ مرحلہ اگرچہ کسی حتمی نتیجے پر ختم نہیں ہوا، مگر یہ ایک مثبت پیش رفت ہے جو مستقبل میں مزید مذاکرات کی راہ ہموار کر سکتا ہے۔ تاریخ ہمیشہ ان قوموں کو یاد رکھتی ہے جو امن، استحکام اور مکالمے کے لیے کھڑی ہوتی ہیں، اور پاکستان نے ایک بار پھر بھی ثابت کیا ہے کہ وہ انہی قوموں میں شامل ہے۔



صوبائی صدر تحریک اتحاد صوبہ ہزارہ علامہ مرتضیٰ رحمانی شہدائے ہزارہ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

شہدا ہزارہ عزم و وفا کی روشن مثال ہیں، علامہ مرتضیٰ رحمانی

ہزارہ صوبے کا مطالبہ لسانی یا نسلی بنیاد پر نہیں بلکہ انتظامی بنیادوں پر ہے۔ صوبائی صدر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک اتحاد صوبہ ہزارہ پاکستان (سندھ) کے صوبائی صدر علامہ مرتضیٰ خان رحمانی نے کہا ہے کہ شہدا ہزارہ عزم و وفا کی روشن مثال ہیں انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہیں وہ 12 اپریل یوم شہدائے ہزارہ کے موقع پر کراچی کے مقامی ہوٹل میں منعقدہ تنظیم شہدائے ہزارہ کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے ان کا کہنا تھا کہ قائد تحریک بابا سردار حیدر زمان کی عظمت کو سلام ہے جنہوں نے صوبہ ہزارہ کے لیے بھرپور تحریک چلائی تھی اور اس دوران 2010 میں 7 افراد سے زیادہ شہید، 40 سے زیادہ مجروح اور 200 زخمی ہوئے تھے تاہم شہدا ہزارہ کی قربانیاں ہمارے لیے قابل تقلید ہیں، وہ دن دور نہیں جب شہدا کی عظیم قربانیاں رنگ لائیں گی اور ہماری دھرتی پر صوبہ ہزارہ کا قیام عمل میں آئے گا۔ 12 اپریل کے شہدا اور زخمی ہمارے سروں کا تاج اور ہماری تحریک کا فخر ہیں، ان کی یاد ہمارے حوصلوں کو ہمیشہ تازہ اور مضبوط رکھے گی۔

جے یو پی نے یو سی 43 میں چیئرمین کی نشست کیلئے عارف اللہ شاہ کو پارٹی ٹکٹ جاری کر دیا

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء پاکستان نے یو سی 43 پریٹ آباد ٹاؤن حیدرآباد میں چیئرمین کی نشست کے لیے جے یو پی حیدرآباد کے صدر ڈاکٹر عارف اللہ شاہ کو پارٹی ٹکٹ جاری کر دیا ڈاکٹر عارف اللہ شاہ نے ایک وفد کے ہمراہ جمعیت علماء پاکستان و ملی یکجہتی کونسل کے صدر ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر سے ملاقات کی اور یو سی 43 میں بطور چیئرمین پارٹی ٹکٹ کی درخواست کی قائد جمعیت ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر نے اپنے دست مبارک سے پارٹی ٹکٹ دیا اور ڈاکٹر صاحب کی کامیابی کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔

فکر کراچی نشست انتہائی لائق تحسین تھی، اسلم فاروقی

کراچی کے حقوق کیلئے متحد ہو کر پہلے سے زیادہ جدوجہد، مافیا کا گھیراؤ کرنا ہوگا، ایم کیو ایس سی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محب قومی سماجی کونسل ایم کیو ایس سی (پاکستان) کے چیئرمین و محب وطن سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ کراچی بحالی تحریک اور پاکستان جسٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے شہر کراچی کے مسائل کے حل کے لیے منعقدہ فکر کراچی نشست انتہائی لائق تحسین تھی اس طرح کی کاوشیں ہوتی رہنا چاہیے ان خیالات کا اظہار اسلم خان فاروقی نے لانڈھی ایریا میں ایم کیو ایس سی کے ڈپٹی سیکریٹری محب محمد اجمل کے ہمراہ کراچی کی پکار مہم کے سلسلے میں مختلف شخصیات سے ملاقات کے دوران کیا اسلم خان فاروقی نے کہا کہ جو بھی شہر کے مسائل کے حل کے لیے آواز اٹھائے گا ہم اس کے ساتھ کھڑے ہوں گے ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ کراچی کے ساتھ بہت برا سلوک کیا جا رہا ہے جس کے نتیجے میں کراچی تباہ و برباد اور کھنڈر ہو رہا ہے حالانکہ کراچی ملکی معیشت کا حب اور ملک کا سب سے بڑا شہری نہیں بلکہ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کا بھی شہر ہے چنانچہ کراچی کے حقوق کے لیے متحد ہو کر پہلے سے زیادہ جدوجہد کرنا ہوگی اور کراچی پر قابض مافیا کا گھیراؤ کرنا ہوگا ان کا مزید یہ بھی کہنا تھا کہ دوست تنظیموں کی مشاورت سے گزشتہ دنوں ہم خیال فورم تشکیل دیا جا چکا ہے۔

ایک طرف سیز فائر دوسری جانب دھمکی آمیز بیانات تشویشناک ہیں، حنیف طیب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نظام مصطفیٰ پارٹی کے چیئرمین سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم و قدرتی وسائل ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ ایک طرف عارضی سیز فائر ہے ابھی مذاکرات کا پہلا مرحلہ ختم ہوا ہے دوسری جانب دھمکی آمیز بیانات انتہائی تشویشناک ہیں امریکی صدر کی جانب سے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی اور فوجی مداخلت عالمی معیشت کے لئے خطرہ ہے یکطرفہ اقدام سے عالمی توانائی کی صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے، اس اقدام کا مقصد ایرانی بندرگاہوں سے ہونے والی ہر قسم کی تجارتی آمد و رفت کو روکنا ہے۔



علی گرامر اسکول کی جانب سے کیمپس ون اور کیمپس ٹو کے طلبہ کیلئے سالانہ تقریب کے موقع پر پرنسپل ذیشان قریشی و دیگر طلبہ کو ایوارڈ دے رہے ہیں دوسری جانب نمایاں پوزیشن ہولڈرز کا گروپ فوٹو

پاکستانی زرعی برآمدات کے نظام کو شفاف بنانے کی اشد ضرورت ہے، ایگریکلچر اینڈ ہارٹیکلچر فورم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ایگریکلچر اینڈ ہارٹیکلچر فورم پاکستان سے زرعی پیداوار کی برآمد میں خطرناک بدانتظامی اور ابھرتی ہوئی اجارہ داری کے خلاف بھرپور آواز اٹھاتا ہے وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ کے تحت کام کرنے والے ایک محکمے کی سفارش Rosselkhoznadzor نے 300 سے زائد رجسٹرڈ ایکسپورٹرز کے پول میں سے صرف پاکستان میں تین کمپنیوں سے آلو کی درآمد کی منظوری دی ہے یہ عمل واضح امتیازی سلوک کی عکاسی کرتا ہے۔



چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف، وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ ایم اینڈ ای ڈپارٹمنٹ کے ملازمین کو حفاظتی سامان اور متعلقہ ٹولز دے رہے ہیں

سید محمد مظفر کا ناظم آباد 1 میں پیش آنیوالے واقعے پر اظہار تعزیت

ہم متعلقہ اداروں سے اپیل کرتے ہیں کہ اس واقعے کی مکمل تحقیقات کو یقینی بنایا جائے۔ سید محمد مظفر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر نے گزشتہ رات ناظم آباد نمبر ایک میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے میں جاں بحق ہونے والی کمسن بچیوں کے گھر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بچیوں کے والد اور چچا سے ملاقات کی اور دلی افسوس اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم بچیوں کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ بعد ازاں چیئرمین سید محمد مظفر نے یونین کمیٹی نمبر 04 میں واقع انٹرڈینومینیشن چرچ کا بھی دورہ کیا، جہاں واقعے کے حوالے سے تفصیلات حاصل کیں اور دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک انتہائی افسوسناک سانحہ ہے جس نے پورے علاقے کو سوگوار کر دیا ہے، اور ٹاؤن انتظامیہ متاثرہ خاندان کے دکھ میں برابر کی شریک ہے۔ اس موقع پر چیئرمین یونین کمیٹی نمبر 05 شاہ محمد کمال، چیئرمین یونین کمیٹی نمبر 04 عمیر اکرم اور ڈائریکٹر سٹی لیشن ظہیر احمد بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ چیئرمین سید محمد مظفر نے متعلقہ اداروں سے اپیل کی کہ واقعے کی مکمل تحقیقات کو یقینی بنایا جائے اور آئندہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

کراچی میں آن لائن فراڈ کے بڑھتے واقعات، شہری ہوشیار رہیں۔ موتی والا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی سمیت دنیا بھر میں سرگرم آن لائن فراڈیے وہ کس نے شہریوں کو نت نئے طریقوں سے نشانہ بنانا شروع کر دیا ہے، جس کے باعث سادہ لوح افراد مالی نقصان کا شکار ہو رہے ہیں۔ اس حوالے سے کراچی تاجر الائنس کے چیئرمین و بانی عام آدمی پاکستان ایاز میمن موتی والا نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے روزگاری اور معاشی دباؤ کے سبب لوگوں کو سوشل میڈیا، موبائل ایپس اور فون کالز کے ذریعے گھر بیٹھے بھاری کمائی کے جھوٹے وعدے کیے جا رہے ہیں۔



کراچی، مولانا احتشام الحق تھانوی کی 46 ویں برسی پر اسلم فاروقی و دیگر انکے درجات کی بلندی کی دعا کر رہے ہیں

ایران امریکہ دونوں کو بات چیت کے ذریعے حل تلاش کرنا چاہیے، حاجی حنیف طیب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نظام مصطفیٰ پارٹی کے چیئرمین سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ ایران امریکہ مذاکرات کسی حتمی معاہدے کے بغیر ختم ہو گئے لیکن مزید گفت و شنید ہونے کا امکان ہیں ایران اور امریکہ دونوں فریقین کو مذاکرات کی طرف واپس آنا چاہیے اور بات چیت کے ذریعے حل تلاش کرنا چاہیے جنگ بندی کا تسلسل برقرار رکھنا خطے میں استحکام، انسانی جانوں کے تحفظ، عالمی معیشت جز بحالی کا شکار ہے۔

امتحانی نظام میں بدترین بدانتظامی کا نوٹس لیا جائے، پرویز ہارون

امتحانی نظام میں کسی بھی قسم کی غفلت، بدانتظامی یا کرپشن ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

امتحانات تعلیمی نظام کی ریڑھ کی ہڈی، معمولی سی بے ضابطگی بھی طلبہ کے مستقبل کو تباہ کر سکتی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کونسل کے چیئرمین پرویز ہارون نے امتحانی نظام میں بڑھتی ہوئی بے ضابطگیوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امتحانی نظام میں کسی بھی قسم کی غفلت، بدانتظامی یا کرپشن ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور ذمہ دار عناصر کے خلاف فوری اور بلا امتیاز کارروائی ناگزیر ہو چکی ہے۔ انہوں نے امتحانات کو تعلیمی نظام کی ریڑھ کی ہڈی قرار دیتے ہوئے کہا کہ معمولی سی بے ضابطگی بھی طلبہ کے مستقبل کو تباہ کر سکتی ہے، لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام نظر آ رہے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو تعلیمی نظام پر عوام کا اعتماد مکمل طور پر ختم ہو سکتا ہے۔ پرویز ہارون نے واضح الفاظ میں کہا کہ تمام تعلیمی ادارے، امتحانی مراکز اور بورڈز اپنی ذمہ داریاں دیانتداری، شفافیت اور سخت نظم و ضبط کے ساتھ ادا کریں، بصورت دیگر سخت احتساب کے لیے تیار رہیں۔ انہوں نے طلبہ کے محفوظ اور پرامن امتحانی ماحول فراہم کرنے کو ہر صورت یقینی بنانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے نقل، بدعنوانی اور غیر شفاف طریقہ کار کو تعلیمی نظام کے لیے زہر قاتل قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ نقل مافیا اور کرپشن میں ملوث افراد کے خلاف فوری اور سخت قانونی کارروائی کی جائے تاکہ نظام کو صاف کیا جا سکے۔ چیئرمین کونسل نے امتحانی مراکز کی بار بار تبدیلی اور آخری وقت میں اطلاع دینے کے عمل کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہ نااہلی اور ناقص منصوبہ بندی کی واضح مثال ہے، جس کا خمیازہ براہ راست طلبہ کو بھگتنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس غیر سنجیدہ رویے سے طلبہ ذہنی دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں اور ان کی کارکردگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ اور والدین پہلے ہی شدید تعلیمی دباؤ میں ہیں، ایسے میں مزید مشکلات پیدا کرنا ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ امتحانی نظام کو فوری طور پر آسان، منظم اور طلبہ دوست بنایا جائے۔ پرویز ہارون نے زور دیتے ہوئے کہا کہ تعلیمی بورڈز امتحانی مراکز کے تعین اور نگرانی میں مکمل شفافیت کو یقینی بنائیں۔

کتیانہ ملک انجمن اور کتیانہ قاضی جماعت کے مابین کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قصابی نیو ذیشن سے منسلک دو معزز جماعتوں، کتیانہ ملک انجمن اور کتیانہ قاضی جماعت کے مابین ایک شاندار اور یادگار نائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ انتظامی گراؤنڈ، ناظم آباد نمبر 3 میں کامیابی کے ساتھ منعقد ہوا۔ اس ایونٹ کے انعقاد میں ارسلان قاضی اور واجد ملک کی انتھک محنت، لگن اور بہترین انتظامات قابل تحسین رہے جنہوں نے نوجوانوں کے لیے ایک مثبت اور صحت مند سرگرمی فراہم کی۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب میں جوناگڑھ اسٹیٹ مسلم فیڈریشن کے سیکریٹری جنرل قاضی مصطفیٰ بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔

امتحانی نظام میں شفافیت اور نظم و ضبط اولین ترجیح ہونا چاہیے، پرویز ہارون

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ میں نویں اور دسویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے جاری عمل کے دوران مختلف انتظامی مسائل، شکایات اور بعض مقامات پر غیر یقینی صورتحال کے سامنے آنے پر سندھ پرائیویٹ اسکولز کونسل کے چیئرمین پرویز ہارون نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امتحانی نظام میں شفافیت، نظم و ضبط اور طلبہ کے بنیادی حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہونا چاہیے۔

چیئرمین نیو کراچی کا ایم اینڈ ای ڈپارٹمنٹ کو حفاظتی سامان کی فراہمی

ملازمین کی زندگی اور صحت ہمارے لیے اہم ہے، اس لیے حفاظتی سامان و ٹولز کی فراہمی ناگزیر تھی۔ محمد یوسف

ایم اینڈ ای ڈپارٹمنٹ ٹاؤن کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتا ہے، شعیب بن ظہیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے ایم اینڈ ای (الیکٹرک) ڈپارٹمنٹ کی کارکردگی بہتر بنانے اور ملازمین کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے سیفٹی ایکوپمنٹ اور حفاظتی سامان محکمے کے حوالے کر دیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر، وائس چیئرمین یونین کونسل 5 توقیر خان، ڈائریکٹر ایم اینڈ ای ڈپارٹمنٹ سید شفقت عالم، انجینئر عرفان شیخ، انجینئر واجد علی، ایم اینڈ ای ڈپارٹمنٹ کے افسر خالد حسین، ایڈیشنل ڈائریکٹر سی لیشن مشتاق خان اور دیگر افسران و ملازمین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم اینڈ ای ڈپارٹمنٹ کے ملازمین انتہائی مشکل حالات میں اپنی خدمات انجام دیتے ہیں، خصوصاً بارش، ہنگامی صورتحال اور حادثات کے دوران بجلی کے پولوں پر چڑھ کر مرمت اور اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب جیسے خطرناک کام سرانجام دیتے ہیں، جس سے حادثات کا خدشہ موجود رہتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملازمین کی زندگی اور صحت ہمارے لیے سب سے زیادہ اہم ہے، اس لیے حفاظتی سامان اور جدید متعلقہ ٹولز کی فراہمی ناگزیر تھی۔ چیئرمین محمد یوسف نے مزید کہا کہ اگرچہ اس سامان کی فراہمی میں کچھ تاخیر ہوئی تاہم اب وعدے کے مطابق ایم اینڈ ای ڈپارٹمنٹ کو حفاظتی لباس، ہیلمٹ، سیفٹی بیلٹس، ایمرجنسی لائٹس اور دیگر ضروری اوزار فراہم کر دیے گئے ہیں تاکہ ملازمین ہنگامی حالات میں بھی محفوظ انداز میں اپنی خدمات انجام دے سکیں۔ انہوں نے ملازمین کو ہدایت کی کہ وہ حفاظتی سامان کا لازمی استعمال کریں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ واضح رہے کہ گزشتہ چند ماہ پہلے چیئرمین محمد یوسف کی خصوصی توجہ سے ایسی دو گاڑیاں جو عرصہ دراز سے ناکارہ تھیں ان مشینری کو مرمت کر کے قابل استعمال بنایا گیا، وہیکل جیسے میں الیکٹرک اسکائی لفٹر، ٹریکٹر ٹرالی و دیگر ہیوی وہیکل شامل کیے گئے ہیں جدید اسکائی لفٹر کے ذریعے نیو کراچی ٹاؤن کی مین شاہراہوں اور لنک روڈ پر اسٹریٹ لائٹس کو روشن کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر نے مختصر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹاؤن انتظامیہ ملازمین کی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔

بلدیہ عظمیٰ کراچی کے سابق آڈٹ آفیسر حاکم خان انتقال کر گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ عظمیٰ کراچی کے محکمہ انٹرنل آڈٹ میں 35 سال سے زائد عرصہ خدمات انجام دینے کے بعد ریٹائرمنٹ کے باوجود ملازمین کو ماہرانہ خدمات انجام دینے والے سابق آڈٹ آفیسر کے ایم سی حاکم خان گزشتہ روز انتقال کر گئے وہ تین روز سے مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے۔ انکے انتقال کی خبر ملنے پر آل یونین سی بی اے کے ایم سی کے مرکزی صدر سید ذوالفقار شاہ نے فرقان مغل کے ہمراہ ان کی رہائش گاہ پہنچ کر تعزیت کی۔

تعلیم انسان کو شعور اور رہنمائی فراہم کرتی ہے، پیر ارشد کاظمی

علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے اور یہی انسان کی دنیا و آخرت کی کامیابی کا ضامن ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے اور یہی انسان کی دنیا و آخرت کی کامیابی کا ضامن ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم انسان کو نہ صرف دینی شعور عطا کرتی ہے بلکہ دنیاوی معاملات میں بھی رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ سارہ اسکول سسٹم شاہ لطیف ٹاؤن میں طلبہ کی نشست میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام نے علم کی اہمیت کو سب سے زیادہ اجاگر کیا ہے اور قرآن و سنت میں بار بار علم حاصل کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک تعلیم یافتہ فرد نہ صرف اپنے لیے بلکہ پورے معاشرے کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا کہ آج کے دور میں ہمیں دینی اور دنیاوی تعلیم دونوں پر یکساں توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ ہم ایک متوازن اور کامیاب معاشرہ تشکیل دے سکیں۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم پر بھرپور توجہ دیں۔

حاجی حنیف طیب نے ذکریا اسماعیل وڈال والا کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میمن برادری کے سینئر ممتاز سماجی رہنما ذکریا اسماعیل وڈال والا کا رضائے الٰہی سے انتقال ہو گیا ہے المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے سرپرست اعلیٰ آل پاکستان میمن فیڈریشن کے سابق صدر ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے ان کے بیٹے ادریس کاٹھی سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے تعزیت اور مرحوم کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کی مرحوم کی آل پاکستان میمن فیڈریشن میں سماجی سرگرمیوں کے حوالے سے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔

ملک خدا بخش کی سی ای او، پی ایس او جواد احمد چیمہ کو مبارکباد

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان بزنس فورم (پی بی ایف) کے صدر برائے سندھ زون، ایف پی سی سی آئی کی انرجی اسٹینڈنگ کمیٹی کے کنوینر اور ماہر پیٹرولیم سیکٹر ملک خدا بخش نے جواد احمد چیمہ کی پی ایس او کا نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کیے جانے کی مبارکباد پیش کی ہے اور انکی تقرری کو پیٹرولیم سیکٹر کیلئے خوش آئند قرار دیا ہے۔ ملک خدا بخش نے کہا کہ جواد احمد چیمہ کا توانائی شعبے میں وسیع تجربہ ہے۔

حکومتوں کے بیڈ گورننس اور عوام دشمن اقدامات کی سخت مذمت

پاکستان سوئی گیس کے معاملے میں اپنے وسائل بھی رکھتا ہے لیکن کراچی کو تجربہ گاہ بنا لیا گیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میری پہچان پاکستان کی کراچی آرگنائزنگ کمیٹی نے حکومتوں کے بیڈ گورننس اور عوام دشمن اقدامات کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوئی گیس کی شیڈول سپلائی بھی نہیں دی جا رہی۔ پاکستان سوئی گیس کے معاملے میں اپنے وسائل بھی رکھتا ہے لیکن کراچی کو تجربہ گاہ بنا لیا گیا ہے۔ سوئی گیس کی لوڈ شیڈنگ عذاب ہے۔ سوئی گیس کے انتظار میں عوام بار بار چولہے جلاتے ہیں۔ آتشزدگی کے واقعات میں اضافہ بھی اسی کی ایک کڑی ہے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ کراچی میں بلاتعطل سوئی گیس فراہم کی جائے۔ صارفین کو کس بات کی سزا دی جا رہی ہے۔ ہر تجربہ کراچی پر کر کے انہیں لاوارث ہونے کا احساس دلایا جاتا ہے۔ کراچی چلتا ہے تو پیسہ چلتا ہے۔ وفاق اور صوبہ کو ٹیکسوں کی بھرمار کرنے والے شہر اور انکی زکوٰۃ کا انعام سہولتوں کی شکل میں ملنا چاہیئے۔ کراچی کراچی ہے انکی ترقی منزل کی طرف ہے۔

علی گرامر اسکول کی سالانہ تقریب کا شاندار انعقاد

تقریب میں بچوں نے ملی نغمے اور ٹیبلوز پیش کر کے حاضرین سے خوب داد وصول کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) علی گرامر اسکول کی جانب سے کیمپس ون اور کیمپس ٹو کے طلبہ کے لیے سالانہ تقریب کا شاندار انعقاد کراچی کے ایک مقامی ہال میں کیا گیا۔ تقریب میں بچوں نے ملی نغمے اور ٹیبلوز پیش کر کے حاضرین سے خوب داد وصول کی۔ اس موقع پر اسکول کے پرنسپل ذیشان قریشی نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ میں فرسٹ، سیکنڈ اور تھرڈ پوزیشن حاصل کرنے والوں کو ایوارڈز اور تحائف تقسیم کیے، جبکہ دیگر بچوں کی بہترین پرفارمنس پر انہیں میڈلز بھی دیے گئے۔ تقریب میں اساتذہ کی خدمات کو بھی سراہا گیا اور انہیں سرٹیفکیٹس اور تحائف پیش کیے گئے۔ پروگرام میں شرکت کرنے والے مہمانوں اور بچوں کے والدین کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں کے والدین کا کہنا تھا کہ علی گرامر اسکول نیو کراچی کا ایک معیاری اور نمبرون تعلیمی ادارہ ہے۔



منارٹی لیگل ایڈ کونسل پاکستان کی جانب سے سیکٹر وائز نذیم شیخ ایڈووکیٹ، سلیم بانکیا، سید ذوالفقار شاہ و دیگر شوارکیٹ میں جاں بحق ہونیوالے ورکرز کے ورثاء کو تحائف تقسیم کر رہے ہیں



میونسپل ورکرز ٹریڈ یونینز الائنس کا وفد ملازمین کے مسائل پر چیئرمین لیاری ٹاؤن محمد اقبال ہنگورو سے ملاقات کر رہا ہے

بقیہ نمبر اطلاعات 01

چیئرمین کورنگی زرین اعوان، وائس چیئرمین نوید راجپوت و اراکین کونسل، سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے افسران سمیت ٹی ایم سی کے تمام ڈائریکٹرز اور افسران نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر تمام شرکا نے جھاڑو لگا کر عوام کو صفائی کی اہمیت کا عملی پیغام دیا۔ ڈپٹی میئر سلمان عبداللہ مراد نے اپنے خطاب میں کہا کہ کراچی کو صاف ستھرا اور سرسبز بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی ادارے شہر کی بہتری کے لیے دن رات کام کر رہے ہیں اور اس مہم کے ذریعے شہریوں میں شعور بیدار کیا جا رہا ہے۔ چیئرمین کورنگی ٹاؤن محمد نعیم شیخ نے اس موقع پر کہا کہ کلین اینڈ گرین کورنگی مہم کو ہر یونین کمیٹی تک پھیلایا ہے، سڑکوں کی صفائی، فٹ پاتھوں کی رنگ و روغن اور شجرکاری کے ذریعے کورنگی کو مثالی ٹاؤن بنایا جائے گا اور شہریوں کو بھی اس قومی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ تمام متعلقہ محکمے اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں اور شہر کے ہر کونے تک صفائی کے عمل کو یقینی بنائیں۔ وائس چیئرمین کورنگی زرین اعوان نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کورنگی ٹاؤن کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی تاکہ اس مہم کو کامیاب بنایا جا سکے اور عوام کو صاف ماحول فراہم کیا جا سکے اور روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے عمل کی نگرانی میں خود کروں گا اور شہریوں کو کسی قسم کی شکایت نہیں ہوگی۔ ڈائریکٹر پارکس محسن جت نے کہا کہ گرین بیلٹس اور پارکس میں شجرکاری مہم کو تیز کیا جائے گا اور نئے پودے لگا کر ماحول کو بہتر بنایا جائے گا۔ ڈائریکٹر سینی ٹیشن محمد یونس نے کہا کہ صفائی کے عملے کو مزید متحرک کر دیا گیا ہے اور روزانہ کی بنیاد پر گلیوں، سڑکوں اور بازاروں کی صفائی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ڈائریکٹر ایل آر سردار عمیر محمد نے کہا کہ ٹاؤن کے وسائل میں اضافہ اور ریونیو نظام کو بہتر بنانا بھی اس مہم کی کامیابی کے لیے اہم ہے اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایل آر وقاص خان نے کہا کہ حاصل ہونے والے وسائل کو صفائی، ترقیاتی کاموں اور شجرکاری پر خرچ کیا جائے گا تاکہ کورنگی کو ایک مثالی اور خوبصورت ٹاؤن بنایا جا سکے۔ تقریب کے اختتام پر تمام افسران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کورنگی ٹاؤن کو صاف، سرسبز اور خوبصورت بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور شہریوں کو بھی اس مہم میں بھرپور شرکت کی دعوت دی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 02

سپرنٹنڈنٹ انجینئر) پی اینڈ آر (کمیل احمد ملاح اور) انجینئر (فرمان علی لاشاری نے ٹاؤن میں جاری ترقیاتی کاموں، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، نکاسی آب کے منصوبوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری کے حوالے سے بریفنگ دی۔ انہوں نے مختلف اسکیموں کی پیش رفت، درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ اس موقع پر چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے ہدایت دی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے اور کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے عوامی مسائل کے فوری حل کو ترجیح دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کونسل ممبران اور علاقائی معززین کی مشاورت جاری ہیں۔ میونسپل کمشنر ملک نظمی لیاڑی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ باہمی رابطے کو مؤثر بنائیں اور تمام جاری اسکیموں کی باقاعدہ مانیٹرنگ کو یقینی بنائیں تاکہ ترقیاتی عمل میں شفافیت اور رفتار برقرار رہے۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ انجینئر) ایم اینڈ ای (نور علی جمالی، ڈائریکٹر اینٹی انکروچمنٹ رضوان صابر، ڈپٹی ایس چیئرمین لقمان بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 03

7 سالہ بے قاعدگیوں، نااہل افسران وہزاروں ارب روپے کی کرپشن کا ذکر کرتے ہوئے کراچی حقوق ریسٹوریشن موومنٹ کے اس مطالبے کا اعادہ کیا کہ اب تک تمام مین اسٹریم کی سیاسی پارٹیوں کی نااہلی اور کراچی کے ساتھ زیادتیوں کی نہ ختم ہونے والی داستان کی وجہ سے اب کراچی کے مسائل کا واحد حل، کراچی کو واپس "فیڈرل ٹیریٹری" کا درجہ دوبارہ دے کر کراچی سے چھینے گئے تمام ادارے جیسا کہ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن، کے ڈی اے، کے ڈی ایل بی وغیرہ وغیرہ کراچی کو واپس کئے جائیں اور آئین کے آرٹیکل 140-اے کے تحت کراچی ہی کا ایک بااختیار بااعتماد اور اہل میئر، جس کے مکمل ماتحت میں پولیس و دیگر بالا ادارے ہوں، جو کراچی کی عوام کی تائید سے یہ سب ادارے مقامی و کراچی میں پیدا ہونے اور کراچی کا شناختی کارڈ رکھنے والے اہل افراد (وہ کسی بھی کمیونٹی و کوئی بھی زبان بولنے والے ہوں) چلائیں۔ چیئرمین ظفر اقبال شیخ نے اپنا یہ مطالبہ (کراچی فیڈرل ٹیریٹری) پھر وفاقی حکومت و پاکستان آرمی چیف، حافظ عاصم منیر صاحب سے کیا کہ وہ مزید قانون سازی یا آرٹیکل 149 کی شقیں 1/3/4 کے اطلاق کے ذریعے کراچی والوں اور کراچی کو موجودہ سندھ حکومت کے مسلسل ظلم، بددیانتی و نااہلی سے فوری نجات دلائیں۔ چیئرمین KHRM نے مزید اعادہ کیا کہ وہ اور انکے لوگ پاکستان کے مضبوط وفاق و پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 04

حسین، ایڈیشنل ڈائریکٹر سٹی گیشن مشتاق خان اور دیگر افسران و ملازمین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین انتہائی مشکل حالات میں اپنی خدمات انجام دیتے ہیں۔ خصوصاً بارش، ہنگامی صورتحال اور حادثات کے دوران بجلی کے پولوں پر چڑھ کر مرمت اور اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب جیسے خطرناک کام سرانجام دیتے ہیں، جس سے حادثات کا خدشہ موجود رہتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملازمین کی زندگی اور صحت ہمارے لیے سب سے زیادہ اہم ہے، اس لیے حفاظتی سامان اور جدید حفاظتی ٹولز کی فراہمی ناگزیر تھی۔ چیئرمین محمد یوسف نے مزید کہا کہ اگرچہ اس سامان کی فراہمی میں کچھ تاخیر ہوئی تاہم اب وعدے کے مطابق ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ کو حفاظتی لباس، ہیلمٹ، ایکویپمنٹ، ایمرجنسی لائٹس اور دیگر ضروری اوزار فراہم کر دیے گئے ہیں تاکہ ملازمین ہنگامی حالات میں بھی محفوظ انداز میں اپنی خدمات انجام دے سکیں۔ انہوں نے ملازمین کو ہدایت کی کہ وہ حفاظتی سامان کا لازمی استعمال کریں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ واضح رہے کہ گزشتہ چند ماہ پہلے چیئرمین محمد یوسف کی خصوصی توجہ سے ڈیوٹی وہیکل جو عرصہ دراز سے ناکارہ تھے ان مشینری کو مرمت کر کے قابل استعمال بنایا گیا، وہیکل بیڑے میں الیکٹرک اسکائی لفٹر، ٹریکٹر ٹرالی و دیگر ہیوی وہیکل شامل کئے گئے ہیں جدید اسکائی لفٹر کے ذریعے نیو کراچی ٹاؤن کی مین شاہراہوں اور لنک روڈ پر اسٹریٹ لائٹس کو روشن کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹاؤن انتظامیہ ملازمین کی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 05

کے حصول کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں [illegible]

ہیں۔ ٹاؤن انتظامیہ اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں تاکہ ہم ایک صحت مند اور محفوظ معاشرہ تشکیل دے سکیں۔ ہم سب کو مل کر پولیو کے خلاف اس جنگ کو جیتنا ہے اور پاکستان کو پولیو فری ملک بنانا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 06

اختیار ہو چکی ہے، جہاں کچرے کے ڈھیر معمول کا منظر بن چکے ہیں۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ اس صورتحال کے باعث نہ صرف آمد و رفت میں مشکلات پیش آ رہی ہیں بلکہ تعفن اور بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے۔ اہل علاقوں نے میئر کراچی اور چیئرمین گلبرگ ٹاؤن سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اس مسئلے کا نوٹس لیا جائے اور غیر قانونی طور پر قائم ان پڑاؤ کو ختم کر کے علاقے میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنایا جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ عائشہ منزل جیسے اہم چوراہے کی موجودہ حالت شہر کے انتظامی نظام پر سوالیہ نشان ہے اور اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 07

موجود ہوتی ہیں ملک میں اس پروٹوکول کے سسٹم کو ختم کیا جائے۔ پرائم منسٹر جب کراچی آتے ہیں تو صرف وی آئی پی سے ملتے ہیں گل پلازہ کے شہیدوں کے گھر والوں کے زخم پر مرہم نہیں رکھتے کراچی میں لوٹنے والے سسٹم جو کراچی کو لوٹ رہا ہے اس کا کوئی ذکر نہیں اس کو ختم کیا جائے۔ پنجاب کی چیف منسٹر 12 ارب روپے کا جہاز خریدتی ہیں کراچی شہر میں حکومت نے گیس کے ٹائم تبدیل کر دیے ہیں ہماری خواتین مائیں بہنیں اور بیٹیاں اس شیڈول سے پریشان رہتی ہیں جبکہ گیس کمپنی اس شیڈول پر عمل بھی نہیں کر رہی ہم حکومت سے امید کرتے ہیں کہ گیس کمپنی سے اس شیڈول پر عمل کروایا جائے جس سے ہماری خواتین اس پریشانی سے بچ سکیں ایل پی جی کی قیمتوں میں بھی بے تحاشا اضافہ کر دیا گیا ہے جو غریب لوگوں کے استعمال سے باہر ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 08

زندہ مثال ہے۔ یہ بات مسلم لیگ فنکشنل فقری میرواہ کے صدر ایڈووکیٹ امیر طارق حسین کبرے نے کہی۔ انہوں نے کہا کہ آگ لگنے کے بعد پانچ گھنٹے تک شہر بے بس کھڑا رہا، جبکہ فائر بریگیڈ نام کی چیز تو موجود ہے مگر عملی طور پر مکمل طور پر ناکام ثابت ہوئی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کروڑوں روپے کا نقصان آخر کس کی غفلت کا نتیجہ ہے؟ حکمرانوں تک امداد پہنچنے تک سب کچھ جل کر خاک ہو چکا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب ہر سال کروڑوں روپے کا بجٹ دیا جاتا ہے تو پھر شہر کو بنیادی سہولیات سے محروم کیوں رکھا گیا ہے؟ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس افسوسناک واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ انکوائری کی جائے، ذمہ دار افسران کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور فقری میرواہ میں جدید اور فعال فائر بریگیڈ نظام فوری طور پر قائم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس مشکل گھڑی میں ہم کراچی کلاتھ ہاؤس کے مالک اور متاثرہ تاجروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ امیر طارق حسین کبرے صدر، مسلم لیگ فنکشنل تعلقہ فقری میرواہ

بقیہ نمبر اطلاعات 09

موقع پر فضا قومی یکجہتی، خدمتِ انسانیت اور مستقبل کے تحفظ کے جذبے سے معمور نظر آئی، جبکہ والدین کی جانب سے اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے عزم کا بھرپور اظہار بھی دیکھنے میں آیا۔ چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے کہا کہ پولیو ایک مہلک اور ناقابلِ علاج مرض ہے جو بچوں کی زندگی کو ہمیشہ کے لیے متاثر کر دیتا ہے، اور اس کے خاتمے کے لیے مسلسل اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت سندھ کی ہدایات اور وژن کے مطابق پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، اور اس حوالے سے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ انہوں نے والدین پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر انسداد پولیو مہم کے دوران لازمی حفاظتی قطرے پلوائیں، کیونکہ یہی عمل ایک صحت مند معاشرے کی بنیاد رکھتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ منگھوپیر ٹاؤن کی انتظامیہ اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ہر سطح پر متحرک ہے اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ کوئی بھی بچہ اس اہم حفاظتی اقدام سے محروم نہ رہے۔ چیئرمین نے واضح کیا کہ پولیو ٹیموں کو یہ ہدایات دی گئی ہیں کہ وہ گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلائیں، اور ہر یونین کونسل میں مکمل کوریج کو یقینی بنایا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ سکیورٹی کے فول پروف انتظامات بھی کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 10

مشترکہ طور پر آئین پاکستان کے آرٹیکل 199 کے تحت درخواست دائر کی۔ درخواست گزاران کا موقف ہے کہ وہ بلدیاتی انتخابات میں کامیاب ہو کر اپنے عہدوں کا چارج سنبھال چکے تھے اور باقاعدگی سے اپنے فرائض انجام دے رہے تھے، تاہم بعد ازاں بعض انتظامی اقدامات اور فریق مخالف کے طرزِ عمل کے باعث مسائل پیدا ہوئے۔ درخواست میں حلف اٹھانے کیا گیا ہے کہ معاملہ آئین کے آرٹیکل 199(1)(c) کے تحت آئینی نوعیت کا ہے۔ لہٰذا اسے آئینی بنچ میں سنا جانا چاہیے۔ اس حوالے سے ایڈووکیٹ ہائی کورٹ مہر پرویز اختر تالپوری کی جانب سے باقاعدہ بیان بھی جمع کرایا گیا ہے۔ فریقین مخالف میں الیکشن کمیشن آف پاکستان، صوبائی الیکشن کمشنر سندھ، ریجنل الیکشن کمشنر میرپور خاص، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر میرپور خاص، حکومت سندھ، ڈائریکٹر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اور چیئرمین ٹاؤن کمیٹی میرواہ گورچانی شامل ہیں۔ درخواست کے ساتھ متعدد اہم دستاویزات بھی عدالت میں پیش کی گئی ہیں جن میں اصل آئینی درخواست، حلف نامے، 2022 اور 2026 کے انتخابی نوٹیفکیشن، درخواست گزاروں کے استعفوں کی نقول، میٹنگ کے منٹس، حاضری شیٹس اور دیگر ریکارڈ شامل ہیں۔ علاوہ ازیں فوری سماعت، اسٹے اور دیگر متفرق درخواستیں بھی دائر کی گئی ہیں۔ درخواست گزاران نے عدالت سے استدعا کی ہے کہ معاملے کا مکمل ریکارڈ مدنظر رکھتے ہوئے انصاف فراہم کیا جائے اور ان کے آئینی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ قانونی ماہرین کے مطابق یہ کیس بلدیاتی نظام اور انتخابی عمل سے متعلق ایک اہم پیش رفت ہے، جس کے دور رس اثرات مقامی سیاست پر مرتب ہو سکتے ہیں۔ عدالت کی آئندہ سماعت میں اس کیس کی مزید پیش رفت متوقع ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 11

خوب داد سمیٹی۔ ہال واہ واہ کی داد و تحسین سے گونج اٹھا۔ مشاعرے کی صدارت معروف شاعر یاسر صدیقی نے کی۔ صدر مشاعرہ بزرگ شاعر پروفیسر سحر انصاری، مہمان خصوصی ڈاکٹر افتخار ملک اور مہمان اعزازی سین سیف سمیت دیگر شعرائے کرام زاہد حسین جوہری، سلمان صدیقی، پروفیسر شاہد کمال، سحر علی مرزا، ماحی اختر، آزر فرحت، اسد ظفر، شاہد عروج، نجیب عمر، ناہید [illegible]

مشاعرے کو بام عروج پر پہنچا دیا۔ انجمن کے چیئرمین راشد لطیف، صدر ڈاکٹر فرقان احمد اور جنرل سیکریٹری شاہد غزالی نے مہمانوں کی بھرپور آمد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج کے اس گھٹن زدہ ماحول میں ادبی تقاریب کا انعقاد ناگزیر ہے اس سلسلے کو مستقبل میں بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 12

رہے تھے۔ اس موقع پر بولٹن مارکیٹ تاجر اتحاد ایسوسی ایشن کے صدر شریف میمن بھی موجود تھے۔ اسمال ٹریڈرز کراچی کے صدر اور لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین محمود حامد نے سید ناصر حسین شاہ کو بتایا کہ ایم سی لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز نے خود روزگار پروگرام کے تحت 1992 میں لانچ کی گئی تھی، درخواستوں کی قرعہ اندازی میں 2334 الاٹیز کو کامیاب قرار دیا گیا تھا اور انہیں الاٹ منٹ آرڈر جاری کر دیے گئے مگر 33 سال گزرنے کے باوجود حاصل وہ ان پلاٹوں سے محروم ہیں اور کاٹیج انڈسٹریز کی زمین پر لینڈ مافیا کے کارندے قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں ہائی کورٹ کے جسٹس صلاح الدین پنہور نے سینئر ممبر ریونیو بورڈ کو حکم دیا ہے وہ لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی زمین کا سروے کر کے ہائیکورٹ میں رپورٹ پیش کریں مگر ریونیو بورڈ 17 ماہ سے سروے رپورٹ پیش کرنے میں ناکام ہے ہیں۔ وزیر بلدیات ٹی سید ناصر حسین شاہ نے تمام صورتحال کو انتہائی تشویش ناک قرار دیا اور یقین دہانی کرائی کہ وہ اس اسکیم کی آباد کاری میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کریں گے۔ انہوں نے اس سلسلے میں لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین کو دعوت دی کہ وہ تمام تفصیلات کے ساتھ میرے دفتر میں مجھ سے رابطہ کریں میں ان شاء اللہ متاثرین کو جلد از جلد ان کا حق دلواں گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 13

قیمت 4 ہزار 776 ڈالر فی اونس کی سطح پر آ گئی۔ عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صراف بازاروں میں بھی کاروباری ہفتے کے دوسرے دن 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت میں 4600 روپے کا اضافہ ریکارڈ ہونے سے نئی قیمت 499962 روپے فی تولہ ہو گئی۔ اسی طرح مقامی سطح پر فی 10 گرام سونے کی قیمت میں بھی 3943 روپے کا اضافہ ہو گیا اور نئی قیمت 429636 روپے کی سطح پر آ گئی۔ سونے کی قیمتیں بڑھنے کے ساتھ ہی ملک میں چاندی بھی مہنگی ہو گئی۔ فی تولہ قیمت میں 326 روپے کے اضافے سے چاندی کی نئی قیمت 8260 روپے اور 279 روپے کے اضافے سے 10 گرام چاندی کی قیمت 7081 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 14

سپورٹ پر مبنی اقدامات کے ذریعے مزید مؤثر بنانا ہے۔ اس اشتراک کی باضابطہ تقریب این بی پی کے کراچی (ساؤتھ اینڈ ویسٹ ریجن) کے ریجنل آفس میں منعقد ہوئی، جس میں دونوں اداروں کی سینئر قیادت نے شرکت کی۔ اس پیش رفت پر اظہار خیال کرتے ہوئے این بی پی کے چیف ڈیجیٹل آفیسر عدنان ناصر نے کہا، "این بی پی اور ISTIQEME کے درمیان یہ تعاون ایک مشترکہ وژن کی عکاسی کرتا ہے جس کا مقصد تاجروں کو آسان اور مؤثر ڈیجیٹل حل کے ذریعے بااختیار بنانا ہے۔ ہم مل کر ایک مضبوط کیو آر ادائیگی انفراسٹرکچر کو بنا رہے ہیں جو مالی شمولیت کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے وسیع تر ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن ایجنڈے سے ہم آہنگ ہوگا۔" یہ شراکت داری حکومت پاکستان کے کیش لیس معیشت کے وژن کو فروغ دینے کے مشترکہ عزم کی بھی عکاسی کرتی ہے، جبکہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان) ایس بی پی (کے ملک بھر میں ڈیجیٹل مالی شمولیت کے فروغ کے مینڈیٹ کو بھی تقویت دیتی ہے۔ اس شراکت کے تحت ISTIQEME این بی پی کی مرچنٹ لیڈ جنریشن، اکاؤنٹ کھولنے میں سہولت، کیو آر کوڈ انفراسٹرکچر کی تنصیب اور تاجروں کے لیے آگاہی و تربیتی سیشنز کے لیے مکمل معاونت کرے گا۔ کمپنی این بی پی برانچز کو آپریشنل سپورٹ بھی فراہم کرے گی تاکہ تاجروں کی مؤثر آن بورڈنگ اور ایکٹیویشن کو یقینی بنایا جا سکے۔ تقریب میں ISTIQEME کے سی ای او محمد کامران خان، این بی پی کے محمود ندیم) ریجنل ہیڈ (ایس ایم سندھ) (ذوہیب علی خان، احسن رضا، فیصل مرزا، کومل چیکانی، جاوید شیخ اور ماجد حسین شیخ نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 15

میں کراچی میں ٹریفک حادثات کے نتیجے میں 800 سے زائد افراد جاں بحق ہوئے، جن میں بڑی تعداد بھاری گاڑیوں کے باعث ہونے والے حادثات کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 2026 کے ابتدائی چار ماہ میں بھی صورتحال جوں کی توں ہے اور شہری مسلسل حادثات کا شکار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے سندھ حکومت کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، جس میں وہ مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بھاری ٹریفک کے داخلے پر سخت پابندی عائد کی جائے، ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے اور ذمہ داران کے خلاف فوری کارروائی کی جائے تاکہ مزید قیمتی جانوں کے ضیاع کو روکا جا سکے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 16

نے واٹر کارپوریشن کو روزانہ دو کروڑ سے زائد کے ہونے والے نقصان کا ذمہ دار پرائیوٹ افسران کو قرار دیا ہے۔ جبکہ پرائیوٹ افسران نے اس کی ذمہ داری سرکاری افسران پر عائد کرتے ہوئے گریڈ 19 کے دو افسران کو گزشتہ دنوں قربانی کا بکرا بنا کر معطل کروا دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق ادارہ فراہمی و نکاسی آب کی ماہانہ ریکوری مزید گر کر ایک ارب 93 کروڑ روپے پر آ گئی ہے، دو ارب 60 کروڑ تک پہنچنے والی ریکوری کو بڑا بریک لگ گیا ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ گزشتہ ماہ مارچ میں واٹر کارپوریشن کو ریکوری میں 67 کروڑ روپے کا بڑا نقصان پہنچا ہے، مصدقہ ذرائع کے مطابق ادارے میں بھاری تنخواہ اور مراعات کے ساتھ تعینات ہونے والے افسران نے اپنی ناقص پالیسیوں سے واٹر کارپوریشن کو سیدھے طور پر ترقی کے بجائے تنزلی کی جانب دھکیلنا شروع کر دیا ہے، واضح رہے کہ میئر کراچی اور چیئرمین واٹر کارپوریشن مرتضیٰ وہاب نے تین ماہ قبل ادارے میں تعیناتیں کئے جانے والے مذکورہ 11 پرائیوٹ افسران کو اپنی ٹیم قرار دیا تھا اور واٹر کارپوریشن کی ماہانہ ریکوری جو کہ دو ارب 60 کروڑ تک پہنچ چکی تھی اس میں مذکورہ پرائیوٹ افسران کی تعیناتی کے بعد ریکوری میں مزید اضافے کا دعویٰ کیا تھا تاہم اس کے برعکس پرائیوٹ افسران کی تعیناتی کے بعد ہر ماہ ریکوری میں اضافے کے بجائے تیزی سے کمی ہوتے ہوتے یہ ریکوری 67 کروڑ کی بڑی کمی کے بعد اب ایک ارب 93 کروڑ پر آ گری ہے، ریکوری میں بدترین کمی کے بعد مذکورہ پرائیوٹ (عارضی) افسران کی کارکردگی بتایا گیا ہے تاہم ناتجربہ کاری اور غلط پالیسیوں کے باعث پھلتا پھولتا ادارہ تیزی سے مرجھا رہا ہے، اور اپنی ناکام پالیسیوں کے بعد ریکوری میں ہونے والی ناکامی کا ملبہ سرکاری افسران پر ڈالتے ہوئے گزشتہ دنوں ادارے کے دو افسران جس میں طارق لطیف اور سرفراز بروہی شامل ہیں ان کو قربانی کا بکرا بنا کر معطل کروا دیا گیا تھا، ذرائع کا کہنا ہے کہ واٹر کارپوریشن میں پرائیوٹ (عارضی) افسران کی تعیناتی کے بعد ادارے میں شدید انتظامی اور مالی بحران پیدا ہو گیا ہے، جس کا فوری نوٹس اور اہم فیصلے نہ کئے گئے تو ادارے کے ملازمین کی تنخواہوں کے لالے بھی پڑ سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 17

خواتین کے لیے 10 سے زائد کھیلوں پر توجہ دی جائے گی۔ ان کھیلوں میں ہاکی، کرکٹ، ٹینس، شطرنج، آرم ریسلنگ، کیرم، ٹیبل ٹینس، والی بال، تھرو بال، باسکٹ بال، ایتھلیٹکس اور اسکواش شامل ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سالانہ امتحانات کے اختتام کے بعد آئندہ ماہ سے ان مقابلوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا جائے گا، جس کے لیے مختلف اداروں سے رابطے کیے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ پرائمری ایجوکیشن بورڈ، سیکنڈری اسپورٹس بورڈ اور ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) (سندھ چیپٹر) کو اس پروگرام میں شامل کیا جائے گا، جبکہ کارپوریٹ سیکٹر، محکمہ کھیل حکومت سندھ اور کمشنر کراچی سے بھی اسپانسرشپ حاصل کی جائے گی۔ اجلاس میں سید سجاد علی، سید مشرف علی شاہ، محمد خالد ربانی، افضال شاہ، محمد عیسیٰ جی، محمد اشرف، شاہ میر بیلانی اور اطہر حسین سمیت دیگر اراکین نے شرکت کی اور اس اقدام کو شہر میں کھیلوں کے فروغ کے لیے خوش آئند قرار دیا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 18

کہا کہ جماعت اسلامی نے عوام سے جو وعدے کیے تھے، ان کی پاسداری کر رہی ہے اور دستیاب وسائل کو امانت و دیانت کے ساتھ عوامی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جا رہا ہے۔ اختیارات سے بڑھ کر خدمت کے جذبے سے کام کیا جا رہا ہے۔ نارتھ ناظم آباد ٹاؤن میں بھی محدود وسائل کے باوجود نمایاں کارکردگی دکھائی گئی ہے اور مالی واجبات و دیگر مدات میں تقریباً 22 کروڑ روپے ملازمین کو ادا کیے گئے ہیں۔ جب ایک ٹاؤن محدود وسائل میں یہ کام کر سکتا ہے تو گزشتہ 18 سال سے اقتدار میں موجود پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت، جس کے پاس بھرپور وسائل اور اختیارات موجود ہیں، وہ عوام کو بنیادی سہولیات کیوں فراہم نہیں کر سکی۔ کراچی پاکستان کی معاشی شہ رگ ہے مگر بدقسمتی سے یہاں کے شہری بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ ہمارا عزم ہے کہ اہل کراچی کے روشن مستقبل اور بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ منعم ظفر خان نے کہا کہ حکمرانوں کی کفایت شعاری کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں ایک طرف عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں اور انہیں بچوں کی تعلیم، صحت، شادی بیاہ اور دیگر ضروریات پوری کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ دوسری جانب حکمران طبقہ شاہانہ اخراجات میں مصروف ہے۔ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے باعث اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بھی بڑھ گئی ہیں، جس سے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ دنوں وزیراعظم شہباز شریف کے کراچی کے مختصر دورے میں درجنوں گاڑیوں کا پروٹوکول، صدر آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کے قافلوں کی لمبی قطاریں حکمرانوں کی نام نہاد کفایت شعاری کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ اس موقع پر یو سی 8 اصلاح کے وائس چیئرمین ذوالفقار علی بگل، رحیم خان کے صاحبزادے محمد قاسم علمانی سمیت دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 19

الیکٹرک کی ہٹ دھرمی اور عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ مولانا عظیم اللہ عثمان کا کہنا تھا کہ ہماری امن پالیسی اور تعاون کے رویے کو شاید کمزوری سمجھ لیا گیا ہے۔ کے الیکٹرک کی جانب سے ظالمانہ شیڈول اور انڈسٹری کو اذیت دینے کا عمل کسی صورت برداشت نہیں۔ لاکھوں کے بلز ادا کرنے کا صلہ اگر رات اور دن کی مسلسل لوڈشیڈنگ ہے تو اس ظلم کے خلاف بھرپور آواز اٹھائیں گے۔ کے الیکٹرک اور شہری انتظامیہ کو متنبہ کرتے ہیں کہ ہمیں مجبور نہ کیا جائے کہ ہم عوام کے سیلاب سمیت سڑکوں پر آ جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پہلے مرحلے میں پورے ضلع کیماڑی کی مرکزی شاہراہوں پر دھرنے ہوں گے، اگر روش نہ بدلی گئی تو اگلے مرحلے پر شاہراہ فیصل اور شہر بھر میں موجود کے الیکٹرک کے دفاتر کا گھیراؤ کریں گے۔ مولانا عظیم اللہ عثمان نے کہا کہ 2 دن کے اندر اگر رات کی ظالمانہ لوڈشیڈنگ اور انڈسٹری کو اذیت دینے کا سلسلہ نہ رکا تو پھر حالات کی خرابی کی تمام تر ذمہ داری کے الیکٹرک انتظامیہ، ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر ہوگی۔ ہماری ترجیح بات چیت اور امن ہے مگر شاید اس رویے کو بزدلی سمجھا لیا گیا ہے۔ ہم سروں پر کفن باندھ کر عوامی آواز بن کر نکلیں گے تاوقتیکہ مسائل حل نہیں ہو جاتے، گھروں کو واپسی حرام سمجھی جائے گی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 20

کی شبانہ روز کاوشوں کا نتیجہ ہے، ان کے ساتھ بہت سارے ادارے بھی اس میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں پر پاکستان ہندو کونسل کی طرف سے ملازمت کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں، اس میں سرکاری و نجی شعبے شامل ہیں جن میں بینک، یونیورسٹیز اور بہت سے نامور ادارے ہیں، یہ امر خوش آئند ہے کہ ہمارے بچے کام سے لگن رکھتے ہیں، کام کرنا چاہتے ہیں، جس کی وجہ جوق در جوق اس پلیٹ فارم پر آئے ہیں تاکہ اپنے ساتھ ملک کا مستقبل بھی روشن کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس جاب فیئر سے ہر سال بہت سارے بچے برسرروزگار ہو رہے ہیں، اقلیتی بچوں کیلئے بھی روزگار کے حصول میں آسانی کے اقدامات کیے گئے ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے وژن اور پیپلز پارٹی کے منشور کے تحت روزگار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں، خاص طور پر وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کئی منصوبے شروع کیے ہیں، اسی سلسلے کی ایک کڑی سندھ جاب پورٹل ہے۔ ناصر حسین شاہ نے مزید کہا کہ ہمارے یہاں اقلیت اور اکثریت کا کوئی تصور نہیں ہے، کو دور رکھنے کا مقصد میرٹ کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ یہ ہے کہ تخلیقی برادری ضروری اس میں شامل ہو گو کہ روزگار کے مواقع سب کیلئے یکساں ہیں، جس طرح سرکاری ملازمتوں میں اقلیتوں اور اسپیشل بچوں کیلئے کوٹہ رکھا ہے، اسی طرح پرائیوٹ سیکٹر کو بھی ہدایت دی ہے کہ وہاں بھی اس کو نافذ کیا جائے۔ اسپیشل یا دیگر بچے بھی ادارے میں خاص طور پر بڑے شاپنگ سینٹرز وہاں ہم شیلٹ بنا رہے ہیں کہ ہمارے بچوں کو وہاں پر ایڈجسٹ کیا جائے، اس کیلئے سندھ حکومت کی واضح پالیسی ہے جس پر عمل درآمد بھی کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر رکن قومی [illegible]

کے آفس میں لوگ آتے تھے اور ملازمتوں کیلئے پریشان تھے، ہم نے سوچا کیوں نا ساری انڈسٹری کو اکٹھا کریں جہاں آئی ٹی، ایجوکیشن، انجینئرنگ، بینکنگ، تمام شعبوں کو ایک جگہ اکٹھا کر کے ایمپلائرز کے ہیومن ریسورس کو قابل بچے دیں اور قابل بچوں کو اچھی ملازمتیں مل سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ پہلے پروگرام پر بہترین فیڈ بیک آیا جس کے بعد ہم نے طے کر لیا کہ سالانہ بنیادوں پر جاب فیئر بھی منعقد کریں گے، آج اس سلسلے کو کامیابی کے ساتھ چار برس مکمل ہو چکے ہیں۔ پاکستان ہندو کونسل سال کی شروعات ضرورت مند اور مستحق افراد کی اجتماعی شادیوں سے کرتی ہے، اسی طریقے سے یہ بھی طے کر لیا ہے کہ ہر سال اپریل اور مئی میں جاب فیئر کریں گے اور یہ مواقع ہر طالبعلم اور ایمپلائز کو دیں گے۔ انہوں نے پاکستان ہندو کونسل پر اعتماد کرنے کیلئے جاب فیئر میں اسٹال لگانے والے تمام اداروں کا شکریہ ادا کیا اور تعلیمی اداروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹیز دور دراز سے اپنے طلبہ کو یہاں پر نہایت نظم و ضبط کے ساتھ ملازمت تلاش کرنے کیلئے لائی ہیں، ہزاروں شرکا کو باقاعدہ علیحدہ علیحدہ مقررہ گروہ اوقات کار دیے جاتے ہیں تاکہ ایک ہی وقت میں رش نہ ہو جائے، اس طرح کسی اسٹال پر رش نہیں ہوتا اور ہر اسٹال پر لوگوں کو ایمپلائرز سے تفصیلی گفتگو کا وقت ملتا ہے اور ایمپلائرز کو طلبہ کی قابلیت جانچنے کا موقع ملتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں بہت ٹیلنٹ ہے، اور کوئی یہ سمجھتا ہے کہ پاکستان میں نوکریاں نہیں ہیں تو معلومات کیلئے بتادوں کہ یہاں پر ایک سو سے زیادہ انڈسٹریز موجود ہیں اور ہر سیکٹر میں ملازمتیں موجود ہیں، چاہے پبلک سیکٹر ہو یا پرائیوٹ سیکٹر۔ انہوں نے کہا کہ ایمپلائرز سے خاص درخواست کی ہے کہ ملازمت دیتے ہوئے پہلی ترجیح اسپیشل چلڈرن کو دیں، ان کو ملازمت دینے سے ایک حوصلہ ملے گا کہ ہم بھی کام کر سکتے ہیں، کوشش ہے کہ ہر ایمپلائر کم از کم پانچ خصوصی افراد کو ملازمت پر رکھے۔ ایم این اے ریٹائر نگار دوانگوانی نے مزید کہا کہ ٹرسٹ اور کونسل کی طرف سے اس جاب فیئر میں اقلیت اور اکثریت میں کوئی فرق نہیں ہے، اقلیتی برادری والے 20 فیصد ہوں گے لیکن زیادہ تر اکثریت کے لوگ ہیں، ہم اقلیت اور اکثریت میں کوئی فرق نہیں رکھتے، یہ سب پاکستان کے بچے ہیں، پاکستان کا مستقبل ہیں، قابل بچوں اور افرادی ضرورت کے آ جاتے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 21

ہے۔ عسکری ترجمان نے بتایا کہ دو ہفتے کی جنگ بندی کے اعلان کے بعد سے ایران نے قطر پر حملے نہیں کیے اور امن کو قائم رکھنے کے لیے مسئلے کا حل ناگزیر ہو گیا ہے۔ ماجد الانصاری نے کہا کہ قطر پر حملہ روکنے کے لیے ایران کے ساتھ ڈیل کی تردید کرتے ہیں۔ ایسی تمام خبریں بے بنیاد ہیں۔ عسکری ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ ایران کے ساتھ کوئی رابطے نہیں ہو رہے ہیں فی الحال جاری تمام تر اپنے ملک کی سلامتی اور دفاع پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز پر کیف کریں کا کنٹرول اور اجارہ داری ناقابل قبول ہے۔ آبنائے ہرمز کی دوبارہ بحالی کے لیے مذاکرات کی حمایت جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 22

سعودی فنڈ برائے ترقی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلطان بن عبدالرحمان المرشد سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیر خزانہ نے پاکستان کیلئے سعودی فنڈ برائے ترقی کی مسلسل معاونت پر اظہار تشکر کیا اور مستقبل میں ترقیاتی شراکت داری کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے سعودی عرب کے وزیر خزانہ کے ساتھ اپنی حالیہ ملاقات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مضبوط اور باہمی [illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 23

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 24

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 25

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 26

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 27

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 28

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 29

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 30

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 31

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 32

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 33

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 35

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 36

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 37

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 38

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 39

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 40

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 41

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 42

[illegible]

لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی آباد کاری میں تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائیگا

ناصر حسین شاہ

کے ایم سی لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی آباد کاری میں غیر معمولی تاخیر انتہائی افسوسناک ہے اس صورتحال میں جبکہ ملک میں بیروزگاری خوفناک سطح پر پہنچ گئی ہے

33 سال سے کے ایم سی لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کے پلاٹوں سے محروم ہیں جبکہ وہ کروڑوں روپے بلدیہ کراچی کو ادا کر چکے ہیں، صوبائی وزیر بلدیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ کے ایم سی لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی آباد کاری میں غیر معمولی تاخیر انتہائی افسوسناک ہے اس صورتحال میں جبکہ ملک میں بیروزگاری خوفناک سطح پر پہنچ گئی ہے، کاٹیج انڈسٹریز کی آبادی بہت ضروری ہے اس کے ذریعے بیروزگاری کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی آباد کاری کے لیے فوری اقدامات کروں گا انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ 33 سال سے کے ایم سی لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کے پلاٹوں سے محروم ہیں جبکہ وہ کروڑوں روپے بلدیہ کراچی کو ادا کر چکے ہیں وہ گزشتہ روز آل پاکستان آرگنائزیشن آف اسمال ٹریڈرز کراچی کے صدر اور لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین سے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں تاجر رہنماؤں سے وزیر اعلیٰ کی ملاقات کے بعد بات چیت کر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12





عائشہ منزل چوراہے گندگی کا ڈھیر بن گیا، مکینوں کا انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

فٹ پاتھ اور اطراف میں قائم عارضی رہائش گاہوں کی وجہ سے صفائی کی صورتحال ابتر ہو چکی ہے

شہریوں نے شکایت کی ہے کہ اس صورتحال کے باعث نہ صرف آمد و رفت میں مشکلات پیش آرہی ہیں

کراچی (رفعت علی) عائشہ منزل کے مصروف چوراہے پر غیر مقامی خاندانوں کے مستقل پڑاؤ کے باعث علاقے میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگ گئے ہیں، جس سے نہ صرف ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ علاقے کی خوبصورتی بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق فٹ پاتھ اور اطراف میں قائم عارضی رہائش گاہوں کی وجہ سے صفائی کی صورتحال

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

این بی پی کا ISTIQEME کا ڈیجیٹل

ادائیگیوں کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے اشتراک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیشنل بینک آف پاکستان (این بی پی) نے ISTIQEME سے اسٹریٹجک شراکت داری کی ہے، جس کا مقصد مرچنٹ کیو آر کوڈز کے نفاذ کو فروغ دینا اور پاکستان کے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو مزید تربیت اور آپریشنل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

کورنگی ٹاؤن میں کلین اینڈ گرین کورنگی مہم کا باقاعدہ آغاز

میں اعلیٰ حکام نے بھرپور شرکت کی اور ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد نے خود پودہ لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز

کراچی کو صاف ستھرا اور سرسبز بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سلمان عبداللہ مراد کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی ٹاؤن میں صفائی اور شجرکاری کے فروغ کے لیے کلین اینڈ گرین کورنگی مہم کا باقاعدہ آغاز یوم 1 قیوم آباد سے کر دیا گیا، جس میں اعلیٰ حکام نے بھرپور شرکت کی اور ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد نے خود پودہ لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی میئر سلمان عبداللہ مراد، چیئرمین کورنگی ٹاؤن محمد نعیم شیخ، وائس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

سونے کی قیمتوں میں 2 روز وقفے کے بعد اضافہ، چاندی بھی مزید مہنگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت بڑھ گئی جب کہ چاندی کے نرخوں میں بھی اضافہ ہوگیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں منگل کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 46 ڈالر کا اضافہ ریکارڈ ہوا، جس کے نتیجے میں نئی عالمی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

چیئرمین گڈاپ طارق عزیز بلوچ اور ملک مجتبیٰ ایاز کی محکمہ جاتی افسران سے ملاقات

اس موقع پر افسر مالیات افتخار حسین وایو ڈائریکٹر ایچ آر ایم ہمایوں عمران خان بھی موجود تھے

تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے اور کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ اور میونسپل کمشنر ملک مجتبیٰ ایاز نے ٹاؤن آفس میں محکمہ جاتی افسران کے ساتھ ایک اہم ملاقات کی جس میں جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر افسر مالیات افتخار حسین وایو ڈائریکٹر ایچ آر ایم ہمایوں عمران خان بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

کراچی سے چھینے گئے ادارے واپس کیے جائیں

جسٹس وجیہ الدین، اشرف جبار قریشی

آئین کے آرٹیکل 140-اے کے تحت کراچی کا ایک بااختیار، ایماندار اور اہل میئر، جس کے مکمل ماتحتی میں پولیس و دیگر بالا ادارے ہوں، فکر کراچی نشست

کراچی والوں اور کراچی کو، موجودہ سندھ حکومت کے مسلسل ظلم، بددیانتی و نااہلی سے فوری نجات دلوائیں، وزیر اعظم اور آرمی چیف سے مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جسٹس وجیہ الدین صاحب کی صدارت میں، سردار اقبال (پاکستان جسٹس ایسوسی ایشن) اور اشرف جبار قریشی (سابق رکن پی ٹی آئی) کی جانب سے ایک "فکر کراچی نشست" کا اہتمام کیا گیا۔ اس نشست میں کراچی حقوق ... موومنٹ کے چیئرمین فقیر اسمٰعیل شیخ، وائس چیئرمین جاوید حسین صدیقی، جنرل سیکریٹری ڈاکٹر حسین صدیقی اور KHRM کے یوتھ ونگ کے صدر ذاکر اسمٰعیل شیخ نے بھرپور شرکت کی۔ اس فکر کراچی نشست سے خطاب کرتے ہوئے KHRM کے فقیر اسمٰعیل شیخ اور ذاکر صدیقی نے کراچی کے دگرگوں امن و امان، بدحال انفرا اسٹرکچر و دیگر مسائل، جن کا شکار تمام کراچی کی عوام کی دہائیاں ہے ان مسائل کو اجاگر کیا۔ بالخصوص چیئرمین فقیر اسمٰعیل شیخ نے سندھ حکومت کی گزشتہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1



سندھ حکومت شہریوں کے تحفظ میں ناکام دکھائی دے رہی ہے

علی حسنین چوہان

بھاری ٹریفک کے داخلے پر سخت پابندی عائد کی جائے سال 2025 میں کراچی میں ٹریفک حادثات کے نتیجے میں 800 سے زائد افراد جاں بحق ہوئے

ٹریفک حادثات میں شہریوں کا قتل عام جاری ہے اور حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے فوری اقدامات کیے جائیں، رہنما انصاف لائرز فورم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انصاف لائرز فورم کراچی کے سینئر رہنما حسنین علی چوہان نے کراچی میں بھاری گاڑیوں کے باعث بڑھتے ہوئے مہلک ٹریفک حادثات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں شہریوں کا قتل عام جاری ہے اور حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز ایک ہی دن میں ڈمپر اور ٹینکرز کے باعث پانچ افراد جاں بحق ہوئے، جن میں دو سگے بہن بھائی بھی شامل تھے، جو ایک انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ ہے۔ ایڈووکیٹ حسنین علی چوہان نے کہا کہ کراچی کا ٹریفک نظام مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے اور بھاری گاڑیاں بلا روک ٹوک شہر میں چل رہی ہیں، جس کے باعث آئے روز قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں۔ انہوں نے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سال 2025

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

نیو کراچی میں تجاوزات کے خلاف بڑا آپریشن سڑکیں کلیئر

غیر قانونی ٹھیے پتھارے ختم

ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی طہٰ سلیم کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر نیو کراچی فرید حنیف کی نیو کراچی سندھی ہوٹل پر تجاوزات کے خلاف دبنگ کارروائی

مین روڈ اور سروس روڈ کو مکمل طور پر کلیئر کر دیا گیا، دکانوں اور ریسٹورنٹس کے باہر قائم غیر قانونی تھڑے، بنچیں اور بل بورڈز کو بھی ختم کر دیا گیا ہے، اسسٹنٹ کمشنر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی طہٰ سلیم کی ہدایت پر ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف بھرپور اور مسلسل کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

چیئرمین نیو کراچی کا ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ کو حفاظتی سامان کی فراہمی

ملازمین کی زندگی اور صحت ہمارے لیے اہم ہے، اس لیے حفاظتی سامان ٹولز کی فراہمی ناگزیر تھی۔ محمد یوسف

ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ ٹاؤن کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتا ہے، شعیب بن ظہیر

کراچی (رپورٹ: شہزاد حسن) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر، وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے ایم اینڈ ای (الیکٹرک) ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی بہتر بنانے اور ملازمین کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ... یونین کونسل 5 توقیر خان، ڈائریکٹر ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ سید شفقت عالم، انجینئر عرفان شیخ، انجینئر دانیال علی، ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ کے افسر خالد ... حفاظتی سامان محکمے کے حوالے کر دیا۔ اس موقع پر وائس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

ٹاؤن میونسپل کمشنر دریا خان چانڈیو کا امجد صابری ڈسپنسری میں پولیو مہم کا آغاز

ٹاؤن انتظامیہ اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، دریا خان چانڈیو

ہماری ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا، سائرہ صفدر

کراچی (رپورٹ: محمد ساجد) ٹاؤن میونسپل کمشنر دریا خان چانڈیو نے چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر سائرہ صفدر کے ہمراہ امجد صابری ڈسپنسری میں پولیو مہم کا آغاز کیا۔ مہم میں ٹاؤن میونسپل کمشنر لیاقت آباد دریا خان چانڈیو نے چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر سائرہ صفدر اور ڈائریکٹر ہیلتھ آصف زیدی کے ہمراہ اپنی نگرانی میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے۔ اس موقع پر ٹاؤن میونسپل کمشنر دریا خان چانڈیو نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ ہماری قومی ذمہ داری ہے اور اس مقصد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف، وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین کو حفاظتی سامان اور متعلقہ ٹولز دے رہے ہیں

واٹر کارپوریشن کا ماہانہ ریونیو خسارہ 67 کروڑ سے بھی تجاوز کر گیا

ماہانہ آمدنی بھی گھٹ گئی، ادارہ ترقی کے بجائے تیزی کے ساتھ تنزلی کی جانب رواں دواں ہو گیا

عارضی افسران کی ناقص کارکردگی اور ناتجربہ کاری کے باعث پھلتا پھولتا ادارہ تباہی کا شکار ہونے لگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) واٹر کارپوریشن کا ماہانہ ریونیو خسارہ 67 کروڑ سے بھی تجاوز کر گیا، 2 ارب 60 کروڑ ماہانہ آمدنی اب صرف ایک ارب 93 کروڑ رہ گئی، گزشتہ ماہ فروری میں ایک ارب 99 کروڑ جبکہ جنوری میں دو ارب 21 کروڑ اور اکتوبر 2025 میں ریکوری دو ارب 60 کروڑ روپے تک پہنچ گئی تھی۔ واٹر کارپوریشن میں پرائیویٹ افسران کے چارج سنبھالتے ہی ادارہ ترقی کے بجائے تیزی کے ساتھ تنزلی کی جانب رواں دواں ہو گیا، لاکھوں روپے ماہانہ تنخواہ اور مراعات لینے والے افسران کی کارکردگی سوالیہ نشان بن کر رہ گئی، میئر کراچی نے مذکورہ 11 پرائیویٹ افسران کو اپنی ٹیم قرار دیا تھا لیکن مذکورہ ٹیم نے میئر کراچی کو ایک اور مشکل میں ڈال دیا ہے، عارضی افسران کی ناقص کارکردگی اور ناتجربہ کاری کے باعث پھلتا پھولتا ادارہ تباہی کا شکار ہونے لگا، سرکاری افسران

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16



ٹاؤن میونسپل کمشنر لیاقت آباد دریا خان چانڈیو، چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر سائرہ صفدر کے ہمراہ امجد صابری ڈسپنسری میں اپنی نگرانی میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کر رہے ہیں

کراچی میں تعلیمی سطح پر کھیلوں کے فروغ کا بڑا فیصلہ

KCSA انٹر ٹورنامنٹس کا اعلان

تعلیمی اداروں اور کلبز کی سطح پر منظم انداز میں کھیلوں کے مقابلے کرائے جائیں گے تاکہ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جا سکے، اجلاس میں فیصلہ

KCSA اب کھیلوں کے فروغ کیلئے آگے بڑھے گا اور ابتدائی مرحلے میں مرد و خواتین کے لیے 10 سے زائد کھیلوں پر توجہ دی جائے گی، صدر محمد اسلم خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی سٹی اسپورٹس ایسوسی ایشن (KCSA) نے شہر میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے انٹر یونیورسٹیز، انٹر کالجیٹ اور انٹر اسکول سطح پر بڑے ٹورنامنٹس کے انعقاد کا اعلان کر دیا۔ یہ فیصلہ KCSA کے صدر محمد اسلم خان کی زیر صدارت ہونے والے ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا، جس میں شہر بھر میں صحت مند کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تعلیمی اداروں اور کلبز کی سطح پر منظم انداز میں کھیلوں کے مقابلے کرائے جائیں گے تاکہ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جا سکے۔ صدر محمد اسلم خان نے اس موقع پر کہا کہ KCSA اب کھیلوں کے فروغ کے لیے بھرپور حکمت عملی کے ساتھ آگے بڑھے گا اور ابتدائی مرحلے میں مرد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17



جامعہ کراچی میں منعقدہ چار روزہ تربیتی پروگرام چراغ سے چراغ کی افتتاحی تقریب سے شیخ الجامعہ ڈاکٹر خالد محمود عراقی خطاب کر رہے ہیں

کراچی کا انفراسٹرکچر تباہ و برباد ہو چکا ہے

محمد اسلم خان

روڈ کی خراب ہونے کی وجہ سے 2 بہنیں ٹینکر کے نیچے آکر شہید ہو گئیں

پنجاب کی چیف منسٹر 12 ارب روپے کا جہاز خریدتی ہیں کفایت شعاری کے نام پر عوام سے قربانی لی جارہی ہے غریبوں کو پریشان کیا جارہا ہے

شہر میں غیر قانونی طور پر چارجن سے لے کر 70 ٹن سے زیادہ کراچی کی سڑکوں پر موت کا رقص پیش کر رہے ہیں اور شہر کو تباہ و برباد کر رہے ہیں، سربراہ کراچی گرینڈ الائنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی گرینڈ الائنس کے سربراہ محمد اسلم خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کا انفراسٹرکچر تباہ و برباد ہو چکا ہے ابھی دو بہنیں روڈ کی خرابی کی وجہ سے پانی کے ٹینکر کے نیچے آ کر شہید ہو گئیں شہر میں غیر قانونی طور پر چارجن سے لے کر 70 ٹن سے زیادہ کراچی کی سڑکوں پر موت کا رقص پیش کر رہے ہیں اور شہر کو تباہ و برباد کر رہے ہیں انرجی کرائسس کے نام پر لوگوں کو پریشان کیا جا رہا ہے جبکہ جنگ ایران میں ہو رہی ہے بجٹ کے خسارے کو پورا کرنے کے لیے پاکستان کے غریب لوگوں کو پریشان کیا جا رہا ہے جبکہ آئل کا 28 دن کا ذخیرہ موجود تھا آ جانے کے باوجود ... ہوئی ہے کفایت شعاری کے نام پر ہم عوام سے قربانی لی جارہی ہے لیکن ہمارے پرائم منسٹر جب نکلتے ہیں تو 30 سے زائد گاڑیاں پروٹوکول پر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

ٹاؤن کمیٹی میرواہ گورچانی کے منتخب کونسلرز نے الیکشن کمیشن کیخلاف درخواست دائر کر دی

کامیاب ہو کر اپنے عہدوں کا چارج سنبھال چکے تھے اور باقاعدگی سے اپنے فرائض انجام دے رہے تھے

میرواہ گورچانی (رپورٹ: احمد اسماعیل خلجی) ٹاؤن کمیٹی میرواہ گورچانی کے منتخب کونسلرز نے الیکشن کمیشن آف پاکستان اور دیگر کے خلاف سندھ ہائی کورٹ، سرکٹ کورٹ میرپورخاص میں آئینی درخواست دائر کر دی ہے۔ جس میں ضمنی انتخابات اور حلقہ اسمور کو چیلنج کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق رانا سلیم اختر، منیر احمد آرائیں، معظم منظور، رائے چند اور شاہدہ اکبر نے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

تمام اختیارات کے باوجود عوام کو سہولیات دینے میں ناکام ہو گئی

پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت

منعم ظفر خان

ٹاؤن ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کی تقریب 22 کروڑ روپے کے واجبات ادا کیے گئے، نارتھ ناظم آباد ٹاؤن میں گل رحیم ڈسپنسری کا افتتاح کر دیا

اختیارات سے بڑھ کر خدمت کے جذبہ سے کام کیا جا رہا ہے۔ نارتھ ناظم آباد ٹاؤن میں بھی محدود وسائل کے باوجود نمایاں کارکردگی دکھائی گئی ہے، خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے ٹاؤن چیئرمین نارتھ ناظم آباد عاطف علی خان کے ہمراہ نارتھ ناظم آباد بلاک P، یوسی 9 کی سلوانا ٹاؤن و دیگر علاقوں کے مکینوں کی سہولت کے لیے علاقے کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت گل رحیم خان سے منسوب فری ڈسپنسری کا افتتاح کر دیا، علاوہ ازیں منعم ظفر خان نے ٹاؤن آفس میں ٹاؤن کی جانب سے اپنے ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں 2019 تا 2021 کے دوران ملازمین کی تنخواہوں کے اضافے سمیت دیگر واجبات ادا کیے گئے۔ جن کی مالیت تقریباً 22 کروڑ روپے ہے۔ منعم ظفر خان نے تقریب اور ڈسپنسری کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

خیرپور میں کراچی کلاتھ ہاؤس کو آگ لگنا انتظامیہ کی نااہلی ہے، طاہر حسین اکبر

فائر بریگیڈ نام کی چیز تو موجود ہے مگر عملی طور پر مکمل طور پر ناکام ثابت ہوئی



خیرپور (رپورٹ: میر محسن علی اکبر) خیرپور میں کراچی کلاتھ ہاؤس کو لگنے والی آگ محض ایک حادثہ نہیں بلکہ میونسپل انتظامیہ کی نااہلی، لاپرواہی اور بے حسی کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

جمعیت علماء اسلام نے کے الیکٹرک کیخلاف بھرپور احتجاج کا عندیہ دیدیا

کے الیکٹرک کی جانب سے ظالمانہ شیڈول اور انڈسٹری کو اذیت دینے کا عمل کسی صورت برداشت نہیں

کے الیکٹرک کی ہٹ دھرمی اور عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائیگا، مولانا تاج عظیم اللہ عثمان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام نے کے الیکٹرک کے خلاف بھرپور احتجاج، دھرنوں اور کے الیکٹرک دفاتر کے گھیراؤ کا عندیہ دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعیت علماء اسلام سائٹ ٹاؤن ضلع کیماڑی کے امیر مولانا عظیم اللہ عثمان نے سائٹ ٹاؤن ضلع کیماڑی کے مختلف علاقوں کے رہنماؤں، برادریوں اور انڈسٹری کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے اعلان کیا کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19



ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ طارق علی نظامانی عید الاضحیٰ کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان ہندو کونسل کی جانب سے ایکسپو سینٹر میں جاب فیئر کا انعقاد

ملک کا مستقبل روشن، بچے کام سے لگن رکھتے ہیں جبھی یہاں آئے ہیں، صوبائی وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ

ہم اقلیت اور اکثریت میں کوئی فرق نہیں برتتے، ہم سب پاکستان کے بچے ہیں، ایم این اے ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ہندو کونسل کی طرف سے ایکسپو سینٹر میں چوتھا سالانہ جاب فیئر منعقد کیا گیا جس کا افتتاح سندھ کے وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ اور ایم این اے ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی نے کیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر ناصر حسین شاہ نے کہا یہ جاب فیئر پاکستان ہندو کونسل کے سربراہ ایم این اے ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

منگھوپیر ٹاؤن میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

چیئرمین ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر، حاجی نواز علی بروہی نے اس خصوصی مہم کا افتتاح کیا

یہ ایک اہم سنگ میل ثابت ہوئی بلکہ اس میں عوامی شرکت نے بھی اس مہم کو ایک اجتماعی مشن کی شکل دے دی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) منگھوپیر ٹاؤن میں عوامی فلاح و بہبود اور صحت عامہ کے فروغ کے لیے ایک اہم اور مؤثر پیش رفت کے طور پر انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں چیئرمین ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر، حاجی نواز علی بروہی نے اس خصوصی مہم کا افتتاح کیا اور ننھے بچوں کو اپنے ہاتھوں سے پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلا کر اس قومی و انسانی فریضے کا عملی آغاز کیا گیا۔ یہ نہ صرف انتظامی سطح پر ایک اہم سنگ میل ثابت ہوئی بلکہ اس میں عوامی شرکت نے بھی اس مہم کو ایک اجتماعی مشن کی شکل دے دی۔ اس مہم میں ٹاؤن افسران، محکمہ صحت سندھ کے نمائندگان، پولیو ورکرز، منتخب عوامی نمائندے، سماجی شخصیات اور معززین علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 89

شہری مسائل پر وفد کی مختیار کار ٹنڈو آدم سے ملاقات

وفد کی قیادت رئیس انور علی مری، رئیس مزار خان مری، مشتاق عادل، عریف اللہ سیفی و دیگر نے کی

امام الدین لاڑک نے وفد کو یقین دلایا کہ شہری مسائل کے حل کے لیے جلد مؤثر اقدامات کیے جائیں گے

سانگھڑ (رپورٹ: احمد ذیشان راہی) شہری مسائل پر وفد کی مختیار کار ٹنڈو آدم سے ملاقات تفصیلات کے مطابق ٹنڈو آدم میں شہر کے مختلف مسائل کے حل کے لیے سیاسی و سماجی رہنماؤں کے ایک وفد نے مختیار کار امام الدین لاڑک سے ملاقات کی، وفد کی قیادت رئیس انور علی مری، رئیس مزار خان مری، مشتاق عادل، عبدالغفور انصاری، عبدالستار انصاری اور عریف اللہ سیفی نے کی۔ وفد نے مختیار کار کو لوڈ شیڈنگ، شہر کے بڑھتے ہوئے کرایوں، دکانداروں کی جانب سے روزمرہ اشیاء مہنگے داموں فروخت کرنے، پینے کے پانی اور دیگر مسائل سے متعلق شکایات سے آگاہ کیا۔ مختیار کار امام الدین لاڑک نے وفد کو یقین دلایا کہ شہری مسائل کے حل کے لیے جلد مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ مختیار کار وسیم احمد چھپو بھی موجود تھے۔

کراچی: دسویں جماعت کا حیاتیات کا پرچہ آدھا گھنٹہ قبل آؤٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں دسویں جماعت کا حیاتیات کا پرچہ آدھا گھنٹہ قبل آؤٹ ہو گیا۔

انجمن مبصرین پاکستان کے عید ملن مشاعرے نے رنگ جما دیا

معروف شعراء کرام نے اپنے کلام پر خوب داد سمیٹی۔ پروفیسر سحر انصاری نے صدارت کی

راشد لطیف، ڈاکٹر فرقان احمد اور شاہد غزالی نے ادبی تقریبات کو جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا



کراچی (اسٹاف رپورٹر) انجمن مبصرین پاکستان کے عید ملن مشاعرے میں معروف شعراء کرام کے خوبصورت کلام نے رنگ جمع دیا اور سامعین سے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

پاکستان کیلئے ڈیزل کی کھیپ لے کر بحری جہاز یورپ سے کراچی پہنچ گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کیلئے ڈیزل کی کھیپ لے کر بحری جہاز یورپ سے کراچی پہنچ گیا۔



ٹنڈو آدم میں شہر کے مختلف مسائل کے حل کے لیے سیاسی و سماجی رہنماؤں کے ایک وفد مختیار کار امام الدین لاڑک سے ملاقات کر رہے ہیں

انٹرنیشنل ریٹنگ ایجنسی فچ کا مشرق وسطیٰ میں سیز فائر کیلئے پاکستان کی کوششوں کا اعتراف

معاشی استحکام کی جانب پیش رفت کی نشاندہی، پاکستان کی ریٹنگ بی کیٹیگری برقرار، معاشی آؤٹ لک مستحکم قرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انٹرنیشنل ریٹنگ ایجنسی فچ کا مشرق وسطیٰ میں سیز فائر کیلئے پاکستان کی کوششوں کا اعتراف، ریٹنگ بی کیٹیگری پر برقرار اور معاشی آؤٹ لک کو مستحکم قرار دے دیا۔ عالمی ریٹنگ ایجنسی نے پاکستان کی معیشت میں مالیاتی نظم و ضبط اور معاشی استحکام کی جانب پیش رفت کی نشاندہی کردی، پاکستان کی طویل مدتی ریٹنگ کو بی کیٹیگری پر برقرار رکھتے ہوئے آؤٹ لک کو مستحکم قرار دے دی۔



منگھوپیر ٹاؤن میں عوامی فلاح و بہبود اور صحت عامہ کے فروغ کے لیے ایک اہم اور مؤثر پیش رفت کے طور پر انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے